# فنونِ لطیفہ کی تعلیم

## چوتھی جماعت

مفت تقسیم کے لیے



Tele MANAS

National Tele Mental Health Programme

14416

## (ٹیلی مینٹل ہیلتھ اسسٹنس اینڈ نیٹ ورکنگ اکراس اسٹیٹس)

## Tele MANAS (Tele Mental Health Assistance and Networking Across States)

**(14416/1800-89-14416)**

قومی ذہنی صحت پروگرام کے تحت 'ٹیلی مانس' مرکزی حکومت کی اسپانسر شدہ ایک اسکیم 'ہے جو ریاست مہاراشٹر میں شروع کی گئی ہے۔ یہ پروگرام اکتوبر 2022 سے جاری ہے۔ ٹیلی مانس کے تحت فون نمبر 14416 کے ذریعے ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ذہنی صحت سے متعلق جامع خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مختلف ذہنی مسائل کے شکار افراد کے لیے ماہرین کے ذریعے مشورے اور علاج سے متعلق معلومات دستیاب ہے۔ ٹیلی مانس ہیلپ لائن پر کی جانے والی کال کے ذریعے دی گئی تمام معلومات مکمل رازداری میں رکھی جاتی ہے۔ والدین، طلبہ اور اساتذہ بلا جھجک اپنے مسائل اور پریشانیوں کے بارے میں فون پر بات کریں اور اس ہیلپ لائن سے دیگر لوگوں کو بھی فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں۔

## منودرپن ہیلپ لائن

منودرپن (8448440632) یہ مفت ٹیلی فون خدمات جولائی ۲۰۲۰ء سے وزارتِ تعلیم کی جانب سے نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ میں 'منودرپن سیل' کے ذریعے طلبہ، سرپرستوں اور اساتذہ کو نفسیاتی رہنمائی اور مدد دینے کے لیے ہفتے کے آٹھوں دن صبح ۸ بجے سے رات ۸ بجے تک فراہم کی جارہی ہیں۔ طلبہ، سرپرست اور اساتذہ ضروری رہنمائی اور مشاورت حاصل کرنے کے لیے اس ہیلپ لائن پر بھی فون کرسکتے ہیں۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر۴۳/۱۶) ایس ڈی-۴، مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۱۳/اپریل ۲۰۲۶ء کو منعقدہ نشست میں اس درسی کتاب کو تعلیمی سال ۲۰۲۶-۲۰۲۷ء سے متعین کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔



# فنونِ لطیفہ کی تعلیم

## چوتھی جماعت

سمگر شِکشا

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نِرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۱۱۰۰۴۔

سامنے درج Q.R. Code کو اسمارٹ فون کے ذریعے اسکین کرنے پر ہمیں ڈیجیٹل درسی کتاب اور درسی کتاب کے اسباق سے متعلق مفید سمعی، بصری اور سمعی بصری وسائل کی صورت میں مواد دستیاب ہوگا۔

پہلا ایڈیشن : ۲۰۲۶ء
(2026)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

## فنونِ لطیفہ کی تعلیم مضمون کمیٹی

شری ششی کانت دیشمکھ (صدر)
شری شیواجی ہانڈے (رکن)
شری گورکشناتھ آبوج (رکن)
شری شریکانت ڈھالکر (رکن)
شریمتی پونم بھوپلے (رکن)
شریمتی چھایا مالوال (رکن)
شریمتی اسنیہا گاڑے (رکن)
ڈاکٹر سمید ھا ٹھاکر (رکن)
شری نندکشور نگرکر (مدعو)
شریمتی مرگیا مورے (مدعو)
شری امول جادھو (مدعو)
شری نتن مہامنی (مدعو)
شریمتی ورشالی لیلے (مدعو)
شریمتی نیتالی ہرگڑے (مدعو)
شری اونکار وَیراگ کر (مدعو)
شری امول بودھے (مدعو)
شریمتی جوئی دیشنکر (مدعو)
شریمتی رُشمی جوشی (مدعو)
ڈاکٹر گیتا نجلی بوروڑے (نصاب رابطہ کار)
ڈاکٹر اجے کمار لولگے (رکن-سیکریٹری)

## اُردو مترجمین

- جناب وسیم احمد محمد فاروق مومن
- جناب عبدالاعلیٰ عبداللطیف
- جناب محمد ابراہیم حسین لکشمیشور

## رابطہ کار اُردو

**جناب خان نوید الحق انعام الحق**
انچارج اسپیشل آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی، پونہ
**جناب ناصر علی یعقوب علی شیخ**
انچارج اسسٹنٹ آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی، پونہ

## اُردو کمپوزنگ

آصف نثار سیّد، یسریٰ گرافکس، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونہ

## سرورق اور اندرونی تصاویر

شری لکشمی کانت کالے، شریمتی پراجکتا کیرکر، شری منوہر باویسکر، شریمتی پراچی پوتدار، شری سوہم اوتاری، شری اجے پراڑکر

**پیپر :** 70 جی ایس ایم، کریم واو
**پرنٹ آرڈر :** N/PB/2026-27/Qty. - 8,600
**پرنٹر :** M/s. Shree Printers, Pune

## جائزہ کار

ڈاکٹر دیانند گھوٹکر (معیار جائزہ کار)
ایڈوکیٹ سندیش ساکھرے (ماہر قانون)
پروفیسر ولاس پنڈت (ماہر CWSN)

## پروڈکشن

**شریمتی میتالی شِتپ**
چیف پروڈکشن آفیسر

**شری سندیپ اجگاؤکر**
پروڈکشن آفیسر

## مراٹھی رابطہ کار

**ڈاکٹر اجے کمار لولگے**
انچارج اسپیشل آفیسر، عملی تجربہ اور فنونِ لطیفہ، بال بھارتی، پونہ

## ناشر

**شری ہیمنت بابر**
انچارج کنٹرولر
پاٹھیہ پستک نرمتی منڈل، پربھادیوی، ممبئی - ۲۵۔

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو**

**ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں**

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف،** سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادیِ** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،

اور ان سب میں

**اُخوت کو ترقی دیں** جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور

سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین**

**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**

**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

# بھارت کا آئین

### حصہ 4 الف

## شہریوں کے بنیادی فرائض

**اقتباس 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ –**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) سرپرستوں کو چاہیے کہ چھے سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایَک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیہ وِدَھاتا۔

پنجاب، سِندُھ، گجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ ترَنگ،

تَو شُبھَ نامے جاگے، تو شُبھ آ شِسَ ماگے،
گاہے تو جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

پیارے دوستو،

چوتھی جماعت میں خوش آمدید! ہمیں چوتھی جماعت کے لیے فنونِ لطیفہ کی تعلیم کی یہ درسی کتاب آپ کے سامنے پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔

فنونِ لطیفہ کی تعلیم کی یہ کتاب جو آپ کے ہاتھ میں ہے فنون سیکھنے کے دوران آپ کو مسرت دے گی اور آپ کے تخیل کو تقویت دے گی۔ ڈرائنگ، رنگ بھرنا، گانا، اداکاری، رقص یا مختلف حرکات وسکنات کے ذریعے جذبات کا اظہار، یہ سب چیزیں فنون ہیں۔فنون آپ کو اپنے خیالات اور جذبات کا خوبصورت انداز میں اظہار کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

اس کتاب میں فن کی چار مختلف قسمیں؛ بصری فنون، اسٹیج (تھیٹر)، موسیقی، رقص اور حرکات وسکنات شامل ہیں۔ بصری فنون میں آپ خط نگاری، یادداشت پر مبنی تصویر، چیز کی تصویر کشی، نقاشی، مجسمہ سازی، حرف نویسی اور فنی ثقافت جیسی باتیں سیکھیں گے۔ تھیٹر کے ذریعے اداکاری کا تجربہ حاصل کریں گے۔ موسیقی میں آپ گانا اور بجانا سیکھیں گے، جب کہ رقص اور حرکات وسکنات کے ذریعے جسم کی لے اور تال کا تجربہ کریں گے۔

اس درسی کتاب کی سرگرمیاں آپ کو سوچنے، تصور کرنے اور خود نئی چیزیں بنانے میں مدد کریں گی۔ بہت سی سرگرمیاں تنہا کی جائیں گی، جب کہ کچھ دوستوں کے ساتھ گروہ میں کی جائیں گی، جس سے سیکھنا مزید بامعنی اور لطف اندوز ہوگا۔

اس کتاب میں تصویر کشی کرتے وقت فن پارہ تخلیق کرتے وقت مختلف وسائل، لوازمات اور تکنیکوں کے استعمال کا موقع فراہم ہوگا۔ جہاں تک ممکن ہو ماحول دوست لوازمات استعمال کرنے کی کوشش کیجیے۔ آپ کو تجربہ ہوگا کہ آپ کے علاقے میں دستیاب چیزوں سے بھی خوبصورت فن پارے تخلیق کیے جاسکتے ہیں۔

آپ کو اپنے علاقے کے مقامی فن، فنکاروں اور ثقافت سے متعارف کرانے کے لیے کچھ سرگرمیوں اور علاقائی سیر کی ہدایت دی ہوئی ہے۔ جس سے آپ اپنی تہذیب وروایات کی خوبصورت فنکارانہ شان کو قریب سے دیکھ سکتے ہیں۔ ہر طالب علم انفرادی ہوتا ہے اور ہر ایک میں کچھ خاص خوبیاں ہوتی ہیں، لہٰذا کتاب کی سرگرمیاں کرتے ہوئے اپنے خیالات کا آزادانہ اظہار کیجیے۔ غلطیاں کرنے سے نہ گھبرائیں، کوشش کرتے رہیے اور فن سیکھنے سے لطف اندوز ہوں۔

ہمیں یقین ہے کہ یہ کتاب آپ میں موجود فنکار کو بیدار کرے گی اور آپ کی سیکھنے کی کوششوں کو مزید خوبصورت بنائے گی۔

آیئے خوشی خوشی فن سیکھیں اور اپنے تخیلات کو رنگ دیں۔

(انورادھا اوک)

ڈائرکٹر

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و

ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔

تاریخ: ۱۹/اپریل ۲۰۲۶ء

بھارتی سَور: ویشاکھ ش ۲، شکے ۱۹۴۸، اکشے ترتیہ

# اساتذہ کے لیے

چوتھی جماعت کے طلبہ کے لیے تیار کی ہوئی فنونِ لطیفہ کی تعلیم کی یہ درسی کتاب آپ کو پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔ نئی قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء کی رہنما ہدایات کے مطابق فنونِ لطیفہ کی تعلیم کا مضمون طلبہ کی ہمہ گیر ترقی کے لیے بہت اہم سمجھا گیا ہے۔ طلبہ کی تخلیقی صلاحیت کو فروغ دینا، قوتِ تخیل میں اضافہ کرنا، اظہار کے لیے حوصلہ افزائی کرنا اور سیکھنے کے عمل کو خوشگوار بنانا، فنونِ لطیفہ کی تعلیم کے نصاب کا مقصد ہے۔

اس درسی کتاب میں بصری فنون، اسٹیج، موسیقی، رقص اور حرکات وسکنات ان چار فن کی اقسام کو شامل کیا گیا ہے۔ ہر فن کی قسم سے طلبہ کو مشاہدہ کرنے، پیش کش کرنے، نئی چیزیں بنانے اور اپنے تصورات کے اظہار کرنے کا موقع ملے گا۔

عمل پر مبنی سرگرمی، گروہی کام، بات چیت اور اداکاری کے تدریسی طریقوں کا استعمال کر کے تدریسی تجربات دیے جائیں۔ ہر سرگرمی سے پُرلطف تعلیمی عمل پر زور دیا جائے۔ بصری فنون، اسٹیج، موسیقی، رقص اور حرکات وسکنات کے ذریعے طلبہ اپنے خیالات، جذبات اور تصورات کا آسانی سے اظہار کر سکیں گے۔

اس درسی کتاب کو چار حصوں؛ بصری فنون، اسٹیج (تھیٹر)، موسیقی اور رقص میں تقسیم کیا گیا ہے لیکن سالانہ منصوبہ بندی میں ان چاروں حصوں کے اجزا کو یکساں طور پر لیا جائے تاکہ طلبہ کو سال بھر چاروں فن کی قسم کا لطف اور تجربہ حاصل ہو۔

اس درسی کتاب میں سرگرمیوں کو ترتیب دیتے وقت تمام قسم کے طلبہ کی شمولیت کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ ہر طالب علم کو اس کی استعداد کے مطابق شرکت کرنے، ان کے فنی اوصاف کو ترغیب دینے کے لیے استاد حساس نقطۂ نظر سے کام لے۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات

### بصری فنون

- مختلف قسم کی لکیروں اور شکلوں کے ساتھ ساتھ خوبصورت حروف لکھنے کے لیے مختلف حروف کے اجزا کی مشق کرائیں۔
- قدرتی اجزا اور انسان کے پیدا کردہ اجزا کے درمیان فرق سمجھائیں اور ان کی مثالیں دیں۔
- یادداشت پر مبنی تصویر بنانے کے مراحل سمجھائیں لیکن تصویر بناتے وقت دوسروں کی بنائی ہوئی تصویروں کی نقل نہ کریں اس بات کا خیال رکھیں۔ اسی طرح واقعے کی تفصیل بیان کر کے یادداشت پر مبنی تصویر بنانے کی ترغیب دیں۔
- یادداشت تصویر اور تخیلاتی تصویر کے نمونے دکھا کر دونوں میں فرق واضح کریں۔ ان کے تخیل کو فروغ ملے ایسی کہانیاں/ واقعات سنا کر ماحول بنائیں۔
- مختلف قسم کی تصویروں کے نمونے، فوٹو، مجسّموں کے نمونے جمع کریں اور اس مجموعے کو تعلیمی وسائل کے طور پر استعمال کریں۔
- ضروری نہیں کہ تمام طلبہ کو بصری فنون کی تصویر بنانا پسند ہو لہٰذا، اس کے تئیں دلچسپی پیدا کرنے کے لیے ترغیبی تدریسی تجربات عملی مظاہرے کے ذریعے فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس نقطۂ نظر سے اگر کوئی طالب علم نیا بصری فن پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کی حوصلہ افزائی کریں، مناسب رہنمائی کریں۔
- مقامی فن کی اقسام اور فنکاروں کا تعارف کروائیں۔ اگر ممکن ہو تو مقامی فنکاروں کے ورکشاپ کی سیر کا اہتمام کریں۔

### اسٹیج (تھیٹر)

- جماعت میں خوشگوار ماحول تیار کر کے آسان اور فطری عمل، حرکات وسکنات اور خاموش اداکاری کرائیں۔ چھوٹے چھوٹے گروہ بنا کر واقعات/ مناظر پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- جانور، پرندے، فطرت کے مختلف اجزا کا کردار دے کر اداکاری کرائیں۔
- اپنے مکالمے اور حرکات وسکنات پیش کرنے کا موقع دیں۔ تصویر دکھا کر سوالات پوچھیں۔ مثلاً 'آپ کو اس تصویر میں کیا نظر آ رہا ہے؟'
- ہر ایک کو کردار دے کر پیشکش میں شریک کریں۔ روزمرہ کے تجربات سے منسلک واقعات/ مناظر منتخب کریں۔

- پیشکش کے دوران حرکات وسکنات کرتے وقت حفاظت کا خاص خیال رکھا جائے۔ دستیاب وسائل کو مختلف طریقوں سے استعمال کرنے کی عادت ڈالی جائے۔
- ایک گروہ کی پیشکش کا دوسرے گروہ کے طلبہ کو مشاہدہ کرنے کا موقع دیا جائے۔انھیں مشاہداتی تاثرات دینے کے لیے راغب کیا جائے۔ 'کلاس روم تھیٹر' کے تصوّر پر عمل درآمد کیا جائے۔

## موسیقی

- جماعت میں خوشگوار اور پُر جوش ماحول پیدا کر کے طلبہ کی شرکت کو یقینی بنائیں۔
- گیت سکھاتے وقت خود گا کر سنائیں۔ گیت، نظم یا گیت کے چھوٹے چھوٹے حصے کر کے سکھائیں۔
- تال، لَے اور سُر کی پہچان آسان مثالوں کے ذریعے کرائیں۔ تال کے لیے تالی کا استعمال کر کے گیت کو مزید دلچسپ اور پُرکشش بنایا جائے۔ انفرادی اور جگل بندی گانے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- عوامی موسیقی جیسے مناجات، حمد، نعت، منقبت، دعا اور چکّی گیت سے واقف کرائیں اور عملی طور پر ان کی مشق کرائیں۔
- دستیاب سازوں (ڈھول، تال، دف، ہارمونیم، طبلہ وغیرہ) کا استعمال کر کے تال کی سمجھ پیدا کی جائے۔ چھوٹے چھوٹے گروپوں میں تقسیم کر کے گانے کی مشق کرائی جائے۔
- ہر طالب علم کو گانے یا ساز بجانے میں شمولیت کا موقع دے کر ان کی خوداعتمادی میں اضافہ کیا جائے۔
- دستیاب وسائل اور مواد یا ویڈیو کے ذریعے سُر اور ادبی اصناف کی تال وسُر کے ساتھ مشق کرائی جائے۔
- **پہلے صفحے پر درج کیو۔آر۔کوڈ کا استعمال کر کے گیت سنائیں اور سکھائیں۔ گروہی اور انفرادی پیشکش کے ذریعے جانچ کریں۔**

## رقص اور حرکات وسکنات

- جماعت میں خوشگوار اور پُر جوش ماحول پیدا کر کے ہر طالب علم کو رقص میں شامل ہونے کی ترغیب دی جائے۔
- آسان، فطری اور قدرتی حرکات کے ذریعے رقص کا تعارف کرایا جائے۔
- روزمرہ کی حرکات (جیسے چلنا، کودنا، گھومنا) کو رقص میں تبدیل کرنے کے لیے کہا جائے۔
- تال، لَے اور رفتار کا احساس کھیل ہی کھیل میں کرایا جائے۔
- چہرے کے مختلف تاثرات (خوشی، غم، حیرت) کا اظہار کرنے کے لیے رہنمائی کی جائے۔
- چھوٹے چھوٹے گروپوں میں آسان رقص کے تجربات پیش کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ ہر طالب علم کو رقص میں اپنے طرز واسلوب میں اظہارِ کا موقع دیا جائے۔
- رقص کے دوران جسمانی حفاظت، مناسب فاصلہ رکھنے اور موزوں لباس پہننے کے بارے میں ہدایات دی جائیں۔
- دستیاب وسائل ومواد (موسیقی، جگہ) کا صحیح استعمال کر کے رقص کے مختلف تجربات فراہم کرنے کی کوشش کی جائے۔
- رقص کے اختتام پر انھوں نے کیا محسوس کیا/سیکھا، اس پر مختصر بات چیت کرائی جائے۔ تخلیقی صلاحیتوں اور خوداعتمادی کو فروغ دینے والے مثبت تاثرات دیے جائیں۔

تمام قسم کے طلبہ کو مدنظر رکھ کر، ایک ہمہ جہت اور جامع نظریے کے ساتھ یہ درسی کتاب تیار کی گئی ہے۔ ہر طالب علم اپنی صلاحیت کے مطابق اس میں حصہ لے سکے اور ان کی فنکارانہ صلاحیتوں کو جلا ملے، اس مقصد کے لیے اس درسی کتاب میں سرگرمیوں کی ترتیب میں حساسیت کو مدنظر رکھیں۔

توقع ہے کہ اساتذہ ہر فنی گروپ کے لیے دیے گئے نصاب کے مقاصد، صلاحیتوں اور آموزشی ماحصل کو بنیاد بنا کر مزید موثر طریقے سے تدریسی فرائض انجام دیں گے۔ اس سے فنونِ لطیفہ کو ایک جامع اور متبادل زاویۂ نظر سے دیکھنے والے ہنرمند طلبہ تیار ہوں گے اور وہ ایک خوشگوار زندگی گزار سکیں گے، یہی اس کتاب کا اصل مقصد ہے۔ آئیے، اس کے لیے ہم سب مل کر کوشش کریں۔

**فنونِ لطیفہ کی تعلیم مضمون کمیٹی**

پاٹھیہ پستک منڈل، پونہ

# فنونِ لطیفہ کی تعلیم - چوتھی جماعت

## بصری فنون

**نصابی ہدف CG-1:** فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔

**صلاحیت C-1.1:** روزمرہ زندگی میں جذبات، احساسات اور تصورات کی عکاسی کرنے والے مختلف تاثرات پرجوش طریقے سے تیار کرتا ہے۔

| نمبر | آموزشی ماحصل |
|---|---|
| 04AE01 | ماحول کے مختلف اجزا (عناصر) کا آسان طریقے سے خاکہ بناتا ہے۔ |
| 04AE02 | ماحول کے مختلف اجزا کی یادداشت کے ذریعے عکاسی کرتا ہے۔ |
| 04AE03 | تصویر میں اپنے تصورات کو آزادانہ طور پر بیان کرتا ہے۔ |
| 04AE04 | ماحول کے مختلف اجزا کا اپنے تخیل سے خاکہ بناتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-1.2:** بصری فنون میں باہمی ہم آہنگی سے کام کرتے ہوئے مختلف تصورات اور تاثرات پر گفتگو کرتا ہے۔ | |
| 04AE05 | ہندسے/حروف کے گھماؤ سیکھتا ہے اور ہاتھ پھیرتا ہے۔ |
| 04AE06 | ہندسے/حروف کا تناسب سمجھ کر تحریر کرتا ہے۔ |
| 04AE07 | مختلف حروف کے نمونوں میں سے خوبصورت اندازِ تحریر کو تلاش کر کے ہندسے/حروف لکھنے میں استعمال کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-2:** فنون کی مشق کے لیے اپنی تصوراتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کو آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-2.1:** روزمرہ کے مشاہدے، ذاتی تجربے اور جذبات کا تجزیہ کرتے ہوئے بصری اجزا (لکیر، شکل، رنگ، ساخت، سطح) کے مختلف امتزاج کو تخلیقی طور پر استعمال کرتا ہے۔ | |
| 04AE08 | مختلف اقسام کے مطابق لکیروں کی خط نگاری کرتا ہے۔ |
| 04AE09 | تکنیکی وسائل کے علاوہ مختلف شکلوں کی آسان طریقے سے خط نگاری کرتا ہے۔ |
| 04AE10 | روزمرہ استعمال کی چیزوں کی آسان طریقے سے تصویر کشی کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-2.2:** جماعت میں پیش کیے گئے فن پاروں کے مناظر، اجزا، تصورات اور اظہار کا موازنہ اور تضاد واضح کرتا ہے۔ | |
| 04AE11 | ہندسیہ شکلوں کا ماحول کی دیگر چیزوں کی شکلوں سے تعلق جوڑ کر یکسانیت اور تضاد واضح کرتا ہے۔ |
| 04AE12 | مشاہدے کے ذریعے تجربہ کی ہوئی چیزوں کی جماعت بندی کر کے تصویر کشی کرتا ہے۔ |
| 04AE13 | تصویر میں آزادانہ طور پر اپنے خیالات کو ترتیب دے کر انھیں بیان کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-3:** فنون کے بنیادی عمل، وسائل اور تکنیک پر عبور حاصل کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1:** بصری فنون میں کام کرتے ہوئے استعمال ہونے والا مواد، آلات اور وسائل کا انتخاب کرتا ہے۔ | |
| 04AE14 | چھاپے لینے کے لیے رنگوں کے مختلف ذرائع استعمال کرتا ہے۔ |
| 04AE15 | مختلف قسم کی بافتی بناوٹ (Texture) تیار کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-3.2:** ذاتی اور اجتماعی بصری فن پارے تیار کرتے وقت منصوبہ بندی، عمل درآمد اور پیشکش کے مراحل پر عمل کرتا ہے۔ | |
| 04AE16 | دستیاب ذرائع اور وسائل کو ماہرانہ طور پر استعمال کر کے تزئین کرتا ہے۔ |
| 04AE17 | ماحول میں دستیاب ماحول دوست وسائل سے سہ ابعادی ساخت تیار کرتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| 04AE18 | مٹی کام کے ذریعے سہ ابعادی بناوٹ کی علامتی شکلیں بناتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-4:** علاقائی فنون اور ثقافتی روایات میں جمالیاتی حساسیت کی توسیع سے خود آشنا کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-4.1:** فطرت کے بصری اجزا کو پہچانتا ہے اور ان کی فنی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ | |
| 04AE19 | مختلف قدرتی اجزا کی فنی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-4.2:** مقامی فنکار اور ثقافت کے بارے میں دلچسپی دکھاتا ہے۔ | |
| 04AE20 | مقامی فنون میں سے پسندیدہ قسم کے اجزا کی تصویریں، فوٹو، تراشے جمع کر کے منصوبہ تیار کرتا ہے۔ |
| 04AE21 | مختلف فنی اقسام کی مقامی فنی ثقافت سے ربط جوڑ کر معلومات دیتا ہے۔ |
| **اسٹیج (تھیٹر)** | |
| **نصابی ہدف CG-1:** فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔ | |
| **صلاحیت C-1.1:** تھیٹر کے مناظر اور تجربات کے ساتھ ساتھ مختلف اجزا، کرداروں کو جوش و خروش سے پیش کرتا ہے۔ | |
| 04AE22 | ماحول میں روزمرہ مناظر کا مشاہدہ کر کے پیش کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-1.2:** تھیٹر فنکاروں میں باہمی ہم آہنگی سے کام کرتے وقت اپنے خیالات پر، تاثرات پر بات چیت کرتا ہے۔ | |
| 04AE23 | آس پاس کے مانوس پیشہ وروں کی آوازوں کا مشاہدہ کر کے ہو بہو نقل اُتارتا ہے۔ |
| 04AE24 | ہم جماعت کی پیش کش کا مشاہدہ کر کے ردِّعمل دیتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-2:** فن کی مشق کے لیے اپنی تخیلاتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کا آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-2.1:** روزمرہ کے مشاہدے، ذاتی تجربے اور جذبات کا تجزیہ کرتے ہوئے بصری اجزا (لکیر، شکل، رنگ، ساخت، سطح) کے مختلف امتزاج کو تخلیقی طور پر استعمال کرتا ہے۔ | |
| 04AE25 | ڈرامے کی پیش کش کرنے کے لیے درکار وسائل جمع کرتا ہے۔ |
| 04AE26 | ڈرامے کی پیش کش کرنے کی پیشگی تیاری کے لیے درکار وسائل جمع کر کے مناسب جگہ ترتیب سے رکھتا ہے۔ |
| 04AE27 | ماحول میں موجود، آواز پیدا کرنے والی چیزیں جمع کر کے ڈرامے کا پس منظر موسیقی تیار کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-2.2:** مختلف اداکار، کردار، منظر، مکان اور اسٹیج کی چیزیں جمع کر کے روزمرہ کے واقعات پر مبنی ڈراما تیار کر کے جماعت میں پیش کرتا ہے۔ | |
| 04AE28 | پیش کش کے بعد بات چیت کے ذریعے موصول ہونے والی تجاویز پر غور کر کے دوبارہ پیش کش کرتا ہے۔ |
| 04AE29 | ہم جماعتوں کی پیش کش کے بارے میں انفرادی یا گروہ میں ردِّعمل دیتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-3:** فن کے بنیادی اعمال، مواد اور تکنیک کا اظہار کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1:** تھیٹر کے فن میں استعمال ہونے والے لوازمات، وسائل اور تکنیک کا انتخاب کرتا ہے۔ | |
| 04AE30 | مختلف پیش کشوں میں ضروری لوازمات کی معلومات حاصل کر کے متبادل لوازمات تیار کرتا ہے۔ |
| 04AE31 | پیش کش کے لیے اداکار/کردار کے مطابق پوشاک کے لیے ضروری لوازمات کا انتخاب کرتا ہے اور پیش کش کرتا ہے۔ |
| 04AE32 | ڈرامے کے کردار کے مطابق اداکاروں کے لیے کاغذی مکھوٹے تیار کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-3.2:** ذاتی اور اجتماعی ڈراما پیش کرتے وقت منصوبہ بندی، عمل درآمد اور پیشکش کے مراحل پر عمل کرتا ہے۔ | |
| 04AE33 | انفرادی یا گروہ میں پیش کش کے لیے ہم جماعتوں کے ساتھ مشق کرتا ہے۔ |
| 04AE34 | تکنیکی باتوں کی مدد سے پیش کش کی مشق کرتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| **نصابی ہدف CG-4:** علاقائی فنون اور ثقافتی روایات میں جمالیاتی حساسیت کی توسیع سے خود آشنا کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-4.1:** فطرت میں موجود ڈرامائی اور حرکاتی عناصر کو پہچانتا ہے اور ان کی فنّی خصوصیات بیان کرتا ہے۔ | |
| 04AE35 | فطرت کے مختلف پہر (وقت) بتاتے ہوئے پیش کش میں قدرتی روشنی کا استعمال کرتا ہے۔ |
| 04AE36 | درسی کتاب کے اسباق یا نظموں کی پیش کش کرتے وقت قدرتی وسائل کا استعمال کرتا ہے۔ |
| 04AE37 | انسانی جسم کے ذریعے پیش کش میں قدرتی وسائل کے اجزا کی شکل بناتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-4.2:** مقامی فنون اور ثقافت کے بارے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | |
| 04AE38 | ماحول میں منائے جانے والے تہوار-تقریب کا مشاہدہ کر کے لطف اندوز ہوتا ہے۔ |
| 04AE39 | مقامی عوامی فنکاروں اور ان کے فنون کے بارے میں معلومات جمع کر کے مناسب ردّ عمل ظاہر کرتا ہے۔ |
| **موسیقی** | |
| **نصابی ہدف CG-1:** فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔ | |
| **صلاحیت C-1.1:** مانوس موسیقی کے فن کی مشق اور پیش کش پر جوش طریقے سے کرتا ہے۔ | |
| 04AE40 | مانوس موسیقی کو توجہ سے سن کر پیش کش کرتا ہے۔ |
| 04AE41 | گیت کی مشق کرتے ہوئے ہاتھ، تالی اور چٹکی کا استعمال کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-1.2:** موسیقی کے فن میں اجتماعی کام کرتے وقت اپنے خیالات اور ردّ عمل پر گفتگو کرتا ہے۔ | |
| 04AE42 | حب الوطنی پر مبنی نظموں کے ذریعے قومی اتحاد کی اہمیت پہچانتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-2:** فن کی مشق کے لیے اپنی تخیلاتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کا آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-2.1:** گانے اور ساز کے مختلف انداز (انفرادی، جگل بندی، گروہی) موسیقی، نیز موسیقی کے امتزاج میں شامل گیتوں اور تال کی مشق اور پیشکش کا امتزاج کرتا ہے۔ | |
| 04AE43 | گانے/ بجانے کی لے اور ٹھیکا سمجھ کر انفرادی گیت پیش کرتا ہے۔ |
| 04AE44 | گانے اور ساز بجانے میں جگل بندی اور اجتماعی موسیقی قسموں کی مشق کر کے پیش کش کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-2.2:** گیت اور اداکاری کے ذریعے جماعت میں پیش کیے ہوئے موسیقی کے مختلف عناصر، جیسے لے، تال اور سُر کا تقابل اور تضاد واضح کرتا ہے۔ | |
| 04AE45 | گیت کی مختلف قسمیں سن کر اس کا فرق پہچانتا ہے۔ |
| 04AE46 | شاستریہ سنگیت میں سُر اور النکار کی مختصر معلومات دیتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-3:** فن کے بنیادی اعمال، مواد اور تکنیک کی دریافت کرنا۔ | |
| **صلاحیت C-3.1:** موسیقی کی پیشکش کرتے وقت آواز، ساز اور موسیقی کے امتزاج سمیت مناسب چیزوں کا انتخاب کرتا ہے۔ | |
| 04AE47 | آس پاس موجود مفید موسیقی آوازوں کو سن کر اس کی نقل کرتا ہے۔ |
| 04AE48 | دستیاب وسائل کا استعمال کر کے بجانے کی پیش کش کرتا ہے۔ |
| **صلاحیت C-3.2:** پیشکش اور مشق میں حصہ لینے کے لیے موسیقی کا انتخاب کرتے وقت مختلف تجاویز پیش کرتا ہے۔ | |
| 04AE49 | ابھنگ اور پوواڑا کی پیش کش میں مفید سازوں کا انتخاب کر کے استعمال کرتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| | **نصابی ہدف CG-4**: علاقائی فنون اور ثقافتی روایات میں جمالیاتی حساسیت کی توسیع سے خود آشنا کرنا۔ |
| | **صلاحیت C-4.1**: فطرت میں موسیقی کے عناصر کی نشاندہی کرتا ہے اور ان کی فنکارانہ خصوصیات کو بیان کرتا ہے۔ |
| 04AE50 | فطرت میں مختلف آوازوں کا مشاہدہ اور نقل کرتا ہے۔ |
| 04AE51 | مقامی تہواروں سے متعلق موسیقی کے بارے میں بتاتا ہے۔ |
| | **صلاحیت C-4.2**: مقامی فنون اور ثقافت کے بارے تجسّس ظاہر کرتا ہے۔ |
| 04AE52 | مقامی روایتی فن کے بارے میں بتاتا ہے۔ |
| 04AE53 | مقامی روایتی موسیقی کے ذریعے لوک زندگی اور ثقافت کی شناخت کی وضاحت کرتا ہے۔ |
| | **رقص** |
| | **نصابی ہدف CG-1**: فن کے ذریعے انسانی جذبات کی تلاش، تصویر اور اظہار کرنے کے لیے خود اعتمادی کو فروغ دینا۔ |
| | **صلاحیت C-1.1**: مانوس رقص کی حرکات وسکنات کی مشق اور پیش کش جوش وخروش کے ساتھ کرتا ہے۔ |
| 04AE54 | مانوس رقص کی ترتیب اور تال کے ساتھ جسمانی حرکات کو انجام دیتا ہے۔ |
| | **صلاحیت C-1.2**: رقص اور حرکات وسکنات کی گروہی پیش کش کرتے وقت تصور اور ردّعمل کے بارے میں بات چیت کرتا ہے۔ |
| 04AE55 | رقص اور حرکات وسکنات کی گروہی پیش کش میں حصہ لیتا ہے۔ |
| | **نصابی ہدف CG-2**: فن کی مشق کے لیے اپنی تخیلاتی صلاحیت اور تخلیقی صلاحیت کا آزادانہ طور پر استعمال کرنا۔ |
| | **صلاحیت C-2.1**: روزمرہ کے مشاہدے، ذاتی تجربے اور جذبات کا تجزیہ کرتے ہوئے بصری اجزا (لکیر، شکل، رنگ، ساخت، سطح) کے مختلف امتزاج کو تخلیقی طور پر استعمال کرتا ہے۔ |
| 04AE56 | روزمرہ زندگی میں کی جانے والی جسمانی حرکات وسکنات کو رقص کے ذریعے لَے دار طریقے سے اسٹیج پر پیش کرتا ہے۔ |
| | **صلاحیت C-2.2**: جماعت میں متعارف کرائے ہوئے مختلف رقص اور حرکات وسکنات کے انداز کے اظہاری تال، مدرا اور موضوعات میں یکسانیت اور فرق کا موازنہ کرتا ہے۔ |
| 04AE57 | رقص کی حرکات وسکنات کے ذریعے دو تالوں کو سمجھتا ہے اور موازنہ کرتا ہے۔ |
| | **نصابی ہدف CG-3**: فن کے بنیادی اعمال، مواد اور تکنیک کا اظہار کرنا۔ |
| | **صلاحیت C-3.1**: رقص میں استعمال ہونے والے ساز، پوشاک، کوریوگرافی اور رقص کے دیگر انتظامات کا انتخاب کرنا۔ |
| 04AE58 | رقص کو ترتیب دینے کے لیے گیت اور سازوں کا انتخاب کرتا ہے۔ |
| 04AE59 | رقص میں استعمال ہونے والی تھیم کے مطابق مختلف جسمانی حرکات وسکنات کا انتخاب کرتا ہے۔ |
| | **صلاحیت C-3.2**: ذاتی اور اجتماعی ڈراما پیش کرتے وقت منصوبہ بندی، عمل درآمد اور پیشکش کے مراحل پر عمل کرتا ہے۔ |
| 04AE60 | اسکرین پر اپنے تصور کی بنیاد پر رقص اور حرکات وسکنات کی پیش کش کرتا ہے۔ |
| | **نصابی ہدف CG-4**: علاقائی فنون اور ثقافتی روایات میں جمالیاتی حساسیت کی توسیع سے خود آشنا کرنا۔ |
| | **صلاحیت C-4.1**: فطرت میں موسیقی کے عناصر کی نشاندہی کرتا ہے اور ان کی فنکارانہ خصوصیات کو بیان کرتا ہے۔ |
| 04AE61 | رقص کی حرکات وسکنات اور فطرت کا فطرت کی حرکات وسکنات کے ساتھ موازنہ اور بیان کرتا ہے۔ |
| | **صلاحیت C-4.2**: مقامی فنون اور ثقافت کے بارے تجسّس ظاہر کرتا ہے۔ |
| 04AE62 | ثقافت کی اہمیت بیان کرنے والے مقامی فنون کی جوش وخروش کے ساتھ پیش کش کرتا ہے۔ |

# राज्यगीत

जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।धृ।।

भिती न आम्हा तुझी मुळी ही गडगडणाऱ्या नभा
अस्मानाच्या सुलतानीला जबाब देती जिभा
सह्याद्रीचा सिंह गर्जतो शिव शंभू राजा
दरी दरीतून नाद गुंजला महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।१।।

काळ्या छातीवरी कोरली, अभिमानाची लेणी
पोलादी मनगटे खेळती, खेळ जीवघेणी
दारिद्र्याच्या उन्हात शिजला
निढळाच्या घामाने भिजला
देश गौरवासाठी झिजला
दिल्लीचे ही तख्त राखितो, महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा ।।२।।

# فہرست

## بصری فنون


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۱۔ نقش نگاری کا لطف | ۱ |
| ۲۔ حرفوں کی دنیا میں | ۱۰ |
| ۳۔ چیزوں کی دنیا میں | ۱۴ |
| ۴۔ میری تصویر اور میرا خیال | ۱۷ |
| ۵۔ سہ ابعادی فنکاری | ۲۱ |


## اسٹیج (تھیٹر)


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۶۔ آیئے اداکاری کریں | ۲۶ |
| ۷۔ آیئے ڈرامے کی تیاری کریں | ۳۱ |
| ۸۔ آیئے اسٹیج پر چلیں | ۳۸ |


## موسیقی


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۹۔ آیئے سب مِل کر گائیں | ۴۵ |
| ۱۰۔ انفرادی، جگل بندی اور گروہی گیت | ۵۱ |
| ۱۱۔ روایتی گیت | ۵۷ |
| ۱۲۔ سُروں کا سلسلہ | ۶۴ |
| ۱۳۔ آیئے تال برقرار رکھیں | ۶۷ |


## رقص


| باب | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۱۴۔ خوشی خوشی رقص کریں | ۷۳ |
| ۱۵۔ رقص رقص زندگی | ۷۸ |
| ۱۶۔ رقص کے ساتھی | ۸۳ |
| ۱۷۔ روایتی رقص | ۸۷ |
| ۱۸۔ فن کی ثقافت | ۹۱ |

# بصری فنون



مفت تقسیم کے لیے

# ۱۔ نقش نگاری کا لطف

نقش نگاری لکیروں کو مختلف طریقوں سے ترتیب دے کر بنائی جاتی ہے۔مصوری میں لکیر بہت اہم ہے۔لکیروں کا استعمال کر کے ہم مختلف شکلیں، تصویریں اور چیزیں بنا سکتے ہیں۔لکیر سے ڈرائنگ کا اعتماد بڑھتا ہے۔

نقش نگاری کرتے وقت لکیروں کا استعمال بہت اہم ہوتا ہے۔مختلف لکیروں کا استعمال کر کے خوب صورت نقش نگاری کر سکتے ہیں۔ دل کش نقش نگاری پھولوں، پتوں، ہندسیہ اور آرائشی اشکال کی شکل میں پر کشش نقش نگاری تیار ہوتی ہے۔ لکیروں کی مشق کر کے مزید خوب صورت اور دل کش نقش نگاری کر سکتے ہیں۔لکیر کھینچنے کے قابل ہونا کڑھائی کا ایک بنیادی ذریعہ ہے۔

نقش نگاری میں مختلف لکیروں، اشکال، رنگ، ساخت اور نشانات کا استعمال کرتے ہوئے دل کش اور خوب صورت تصویریں بنائی جاسکتی ہیں۔

فطرت کے مختلف عناصر کا استعمال کرتے ہوئے فنکاری کے خوب صورت کام بھی تخلیق کیے جا سکتے ہیں۔اس سے ہماری تخلیقی صلاحیتوں اور جمالیاتی حس میں اضافہ ہوتا ہے۔

## آئیے لکیروں کے ساتھ کھیلیں!

**لکیروں کی اقسام اوران کے نمونوں کی درست جوڑیاں بنائیے۔**

| کالم 'الف' لکیروں کی قسم | | کالم 'ب' لکیر کا نمونہ |
|---|---|---|
| ۱۔ لہراتی لکیر - | الف) | / / / / / / / / / / / / / / / / / / / / / / |
| ۲۔ عمودی لکیر - | ب) | - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - |
| ۳۔ اُفقی لکیر - | ج) |  |
| ۴۔ ترچھی لکیر - | د) |  |
| ۵۔ شکستہ لکیر - | ہ) | ―――――――――――――――― |

CG –2
C– 2.1
LO–04AE08

- طلبہ کو سادہ لکیروں سے شروع کرتے ہوئے بتدریج شکلیں اور نمونے بنانے کے لیے رہنمائی کریں۔
- پنسل/قلم کے علاوہ دیگر وسائل کا استعمال کر کے لکیر کی اقسام کی مشق کرائیں۔

• تصویر میں موجود مختلف عناصر/ چیزوں کو دیکھیے اور اس میں لکیروں کی اقسام تلاش کیجیے اور لکھیے ۔

۱) چکلی



---------------------------

۲) پانی کی لہر



---------------------------

۳) بلند عمارت



---------------------------

۴) چیونٹیوں کی قطار



---------------------------

• آیئے لکیروں کا استعمال کرتے ہوئے تصویر کو مکمل کریں!

دی ہوئی تصویر 'الف' کا مشاہدہ کیجیے۔ مختلف لکیروں کا استعمال کر کے تصویر 'ب' کو مکمل کیجیے۔



الف



ب

CG -2
C- 2.1
LO-04AE08

• نقش نگاری کرتے وقت طلبہ کے تخیل کو بیدار کریں۔ انھیں حوالے کے لیے نمونہ تصاویر اور ویڈیو کلپس دکھائیں۔

• ذیل کے بڑے مربع کے ہر چھوٹے مربع میں مختلف لکیروں کی اقسام کا استعمال کر کے تصویر مکمل کیجیے۔



• تواتر کو مکمل کیجیے۔

لکیر کی بائیں جانب ہندسے اور حرفوں کی ساخت دی ہوئی ہے۔ اس کے مطابق دائیں جانب ان کی معکوس شکل بنائیے۔





درج ذیل تواتر کو مکمل کیجیے اور اس میں اپنی پسند کے رنگ بھریے۔



CG -1/2
C- 1.2/2.1
LO-04AE07
/08

• لکیروں کی مشق کر کے نقش نگاری/نقشی کام کرنے کی ترغیب دیں۔

## آیئے قدرتی شکلوں کا تواتر بنائیں!

پتوں، پھولوں یا مختلف قدرتی شکلوں کا استعمال کرتے ہوئے تواتر کو مکمل کیجیے۔ اپنی پسند کے مطابق اسے گہرے یا اُجلے رنگوں سے رنگ دیجیے۔



**یاد رکھیں:**

ایک یا دو شکلوں کو بار بار بنا کر ان میں رنگ بھر کر خوب صورت نقش (ڈیزائن) بنایا جاتا ہے۔

## آیئے تواتر سے نقش (ڈیزائن) بنائیں!

۱۔ نیچے کچھ نمونے دیے ہوئے ہیں۔ صحیح تواتر کا استعمال کر کے نیچے دی ہوئی تصویر کو مکمل کیجیے۔











۲۔ ڈرائنگ بیاض میں ساری کے بارڈر کے لیے ایک تواتر بنا کر اسے دل کش رنگوں سے بھریے۔

- عمل کرتے وقت طلبہ کی رہنمائی کریں۔

CG -1
C- 1.1
LO-04AE03

## بافتی بناوٹ اور نقش نگاری

- **چیزوں کو عملی طور پر چھو کر وہ کیسی ہیں، بیان کیجیے۔**

مثال کے طور پر شیشہ، روئی، کپڑا، پتھر اور پتے جیسی چیزوں کو چھو کر بیان کیجیے۔ پیارے دوستو، اگر آپ نے ان کا تجربہ چھونے کے ذریعے کیا ہے اور اس سے آپ نے کچھ محسوس کیا ہو تو اس لمس کی حس کو مصوری کی زبان میں **'بافت'** کہتے ہیں۔

- سطح کو چھونے پر ہمیں کھردری، ہموار، نکیلی، نرم محسوس ہوتی ہیں اسے **'لمسی بافت'** کہتے ہیں۔
- ہم بغیر کچھ چھوئے صرف آنکھوں سے سطح کا کھردراپن، نرمی، نکیلا پن محسوس کریں تو **'بصری بافت'** کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات ہم اُبھرے ہوئے نقوش کو بھی نقش نگاری میں بافتی بناوٹ کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ تو آیئے ٹھسا کام کا لطف لیتے ہیں۔

### ٹھسے پہچانیے۔

ذیل میں دی ہوئی تصویروں پر کس چیز کے ٹھسے ہیں شناخت کیجیے اور انھیں تصویر کے نیچے لکھیے ۔









- اس طرح مختلف ٹھسوں کے ذریعے بھی نقشی کام کیا جا سکتا ہے۔ کاغذ پر مختلف چیزوں کے نقوش لیے جا سکتے ہیں۔ مثلاً پٹ سن کی بوری، آلو، انگلیوں کے نشانات وغیرہ۔
- ایسی دوسری چیزوں کی فہرست بنایئے جس کے ٹھسے کاغذ پر لیے جاسکتے ہیں۔

**یاد رکھیں:**

ٹھسے کام کے لیے واٹر کلر استعمال کرتے ہیں۔ ٹھسے بناتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ رنگ زیادہ پتلا نہ ہو پائے۔

CG –3
C– 3.1
LO–04AE14
LO–04AE15

- مختلف بافتوں کا استعمال کر کے نقش (ڈیزائن) بنانے کے لیے کہیں۔

## ٹھسوں سے نقش :

اپنی بیاض میں اپنی پسند کی کوئی بھی بڑی شکل بنائیے۔ اس میں دستیاب مواد کو استعمال کر کے مختلف قسم کے ٹھسوں کی مدد سے اچھا سا نقش (ڈیزائین) بنائیے۔

## بافت اور کولاج

### آئیے مختلف قسم کے بافت بنا کر کولاج بنائیں !

ہم بافت حاصل کرنے کے لیے بہت سی گھریلو چیزیں استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً گھر کی کھڑکیوں کے شیشے، سکے، درخت کی چھال وغیرہ۔

مختلف چیزوں پر کاغذ رکھ کر، ان کی بافت حاصل کرنے کے لیے ان پر رنگین پنسل رگڑیے۔ ان کی مختلف شکلیں کاٹ کر کاغذ پر چسپاں کیجیے اور ان کا تخلیقی انداز میں نقش نگاری میں استعمال کیجیے۔ اب دیے ہوئے نمونے کی تصویر دیکھیے۔ صرف بافت بنانے سے تصویر کا لطف بہت بڑھ جائے گا۔





- بافت بنانے کے لیے گروہ میں بات چیت کرائیں اور طلبہ کی قوتِ متخیلہ کو مہمیز دیں۔

CG -3
C-3.1
LO-04AE14
LO-04AE15

## آیئے یہ کرکے دیکھیں!

ایک بڑے تنے والے درخت کی تصویر بنائیے۔ شناخت کیجیے کہ درج ذیل میں سے کون سی چیز، پتے، پھلی کے خول، رنگولی، مٹی، ریت، تیلی، آپ کو درخت کے تنے کے لمس کا احساس دلائے گی۔ اس عمل کو اپنی ڈرائنگ بیاض میں بنائیے۔

## آیئے قدرتی عناصر کا استعمال کرکے نقش بنائیں!

قدرتی عناصر کا استعمال کرکے آزادانہ طور پر نقش بناتے ہیں۔ مثلاً شنکھ، سیپ، پتے، پھول، پتھر وغیرہ۔











اپنے آس پاس کے قدرتی عناصر کا استعمال کرکے نقش بنائیے اور اسے اپنے استاد کو دکھائیے۔

## آیئے تہنیتی کارڈ بنائیں!

بازار سے تہنیتی کارڈ خریدنے کی بجائے دوستوں کو اپنے بنائے ہوئے کارڈ دینے پر انھیں زیادہ خوشی ہوتی ہے۔

- فطرت سے حاصل کردہ چیزوں سے تزئین کاری کی ترغیب دیں۔
- غلطیوں کی نشاندہی کرنے کی بجائے انھیں نئی چیزیں آزمانے کی ترغیب دیں۔

CG –3
C– 3.2
LO–04AE16
LO–04AE17

قدرتی عناصر کا استعمال کر کے اپنے دوستوں کو مبارک باد دینے کے لیے تہنیتی کارڈ بنائیے۔

اس کے لیے پتے، تیلیاں، انگلیوں کے ٹھپے، کاغذ کے ٹکڑے وغیرہ استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

ایک موٹا کاغذ لیجیے۔ ایک خوب صورت تہنیتی کارڈ بنانے کے لیے قدرتی عناصر جیسے پتے، تیلیاں وغیرہ کو کاغذ پر چسپاں کیجیے جیسا کہ نمونے کی تصویر میں دکھایا گیا ہے۔

**یاد رکھیں:** سرگرمی کرتے وقت درخت کے مختلف رنگ کے گرے ہوئے پتے استعمال کیجیے۔









- طلبہ میں دستیاب لوازمات اور وسائل استعمال کرنے کی عادت پروان چڑھائیں۔
- مخصوص وسائل ہی چاہیے، اس پر اصرار نہ کریں۔

CG –1/3
C– 1.1/3.2
LO–04AE03
LO–04AE16

## آیئے رنگوں سے کھیلیں!

آج ہم رنگوں کا جادو دیکھنے جا رہے ہیں۔ ایسا کرنے سے آپ بہت خوب صورت اور دل کش نقش بنا سکتے ہیں۔

- سب سے پہلے ایک کورا کاغذ لیجیے اور بیچ سے تہہ کیجیے۔ اب کاغذ کو دوبارہ کھولیے۔ کاغذ کے ایک طرف اپنے پسندیدہ رنگ کے چھوٹے بڑے قطرے ڈالیے۔ اس کے بعد کاغذ کو آہستہ سے تہہ کیجیے اور اسے ہلکے ہاتھ سے دبائیے۔ اب آہستہ آہستہ کاغذ کھولیے اور دیکھیے۔ کیا بات ہے! آپ دیکھیں گے کہ دونوں جانب ایک جیسا اور خوب صورت نقش (ڈیزائن) تیار ہو گیا ہے۔
- اسی طرح آپ مختلف رنگوں کا استعمال کر کے نئے تجربات کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کو رنگوں کا ایک مختلف نقش دے گا۔ اس خوب صورت نقش کا استعمال کر کے آپ اپنے دوستوں کے لیے خوب صورت تہنیتی کارڈ بنا سکتے ہیں۔



## میرا عمل

ا) کاغذ کی تھیلی بنائیے اور اب تک سیکھی ہوئی تکنیکوں اور ٹھپے کا استعمال کرتے ہوئے سجائیے۔

۲) مختلف قدرتی عناصر اور انسان کے بنائے ہوئے عناصر استعمال کر کے خوب صورت فنیؔ مطالعہ، تہنیتی کارڈ بنائیے۔

۳) پتوں اور پھولوں کا استعمال کر کے دیوار گیر آرائش بنائیے۔

- کاغذ پر مختلف رنگوں کے نقطے لگا کر درج بالا عمل کے مطابق خوب صورت نقش تیار کرائیں۔

CG -3
C-3.1
LO-04AE14
LO-04AE15

# ۲۔ حرفوں کی دنیا میں

ننھے دوستو، یہ بہت ضروری ہے کہ آپ کے حرف بھی تصویروں کی طرح خوب صورت ہوں۔ حرف نویسی یعنی صاف، واضح اور قابل فہم لکھنے کا فن ہے۔ لیکن اس کے لیے مشق بہت اہم ہے۔

فری ہینڈ لکیریں بنانے سے آپ کے ہاتھ کا کنٹرول بڑھ جاتا ہے اور آپ کو حرف نویسی میں مدد کرتا ہے۔

## آیئے مختلف وسائل سے لکیروں اور حرفوں کی مشق کریں!







دو لکیر والی بیاض میں دی ہوئی مختلف لکیریں کھینچنے کی مشق کیجیے۔

چار سطری بیاض میں انگریزی حروفِ تہجی اور ہندسے لکھنے کی مشق کیجیے۔




پچھلی جماعت میں ہم نے حرفوں کے حصوں، گھماؤ (نشست، کشش) وغیرہ کی مشق کی ہے۔ اس سال ہم جوڑ حرفوں والے الفاظ کی مشق کریں گے۔ دیے ہوئے خطوط کو دیکھیے اور اپنی بیاض میں ان کی مشق کیجیے۔

CG -1
C- 1.2
LO-04AE05

- مختلف قسم کی حرف نویسی کی مشق کیجیے۔
- طلبہ کو عملی طور پر حرفوں کے گھماؤ (نشست اور کشش) اور حرف نویسی کے نمونے دکھائیں۔

## آیئے مختلف وسائل سے حرف نویسی کریں!

مختلف وسائل کا استعمال کر کے حرف لکھنے کی مشق کیجیے۔

۱۔ اپنی انگلیوں سے ہوا میں حرف بنا کر اپنے دوستوں کو پہچاننے کے لیے کہیے۔

۲۔ ریت یا مٹی پر حرف بنائیے۔

۳۔ قلم، پنسل سے حرف نویسی کی مشق کیجیے۔

۴۔ اسکیچ پین، رنگین کھریا سے خط لکھنے کی کوشش کیجیے۔

پنسل کی تحریر
قلم کی تحریر
اسکیچ پین کی تحریر
رنگین کھریا کی تحریر




## آیئے اقوالِ زریں کی پٹیاں بنائیں!

ہم اکثر کمرۂ جماعت میں لٹکائے ہوئے بڑی جدولیں (چارٹس) یا اقوالِ زریں کی پٹیاں دیکھتے ہیں۔ ان کے حرف بڑے اور نمایاں ہونا ضروری ہوتا ہے۔ درج ذیل مراحل کو سمجھتے ہیں کہ ان وسائل کو دل کش انداز میں کیسے بنایا جائے اور ان کی مشق کی جائے۔

۱۔ روغنی کھریا لیجے اور اسے ترچھا کاٹ لیجیے۔

۲۔ تصویر کے مطابق اپنے ہاتھ میں کھریا پکڑ کر لکھنے کی مشق کیجیے۔

۳۔ مشق کرنے کے بعد جماعت کے لیے اقوالِ زریں کی پٹی یا چارٹ کے لیے خوش نویسی کیجیے۔











- مختلف وسائل کا استعمال کر کے حرف نویسی کی مشق کرائیں۔

CG -1
C- 1.2
LO-04AE05
LO-04AE06

## آیئے حرفوں کو لکھیں اور سجائیں!

اپنے نام کے ابتدائی حروف لکھ کر انھیں اپنی پسندیدہ چیز سے سجائیے۔ اس کے لیے رسّی، پتے، پھول، بیج، رنگولی، منکے، دھاگا، تتلی یا اپنی پسند کے کسی بھی وسیلے کا استعمال کیجیے۔












## فری ہینڈ ڈرائنگ

- ہندسوں-حرفوں کی ڈیزائن بنائیے۔
- لکیر کی بائیں جانب دی ہوئی شکل کو دیکھ کر دائیں طرف خط نگاری کیجیے اور رنگ بھریے۔



- حرفوں کی شکل، اونچائی اور فاصلے کا عملی مظاہرہ کریں۔

CG -1
C- 1.2
LO-04AE07

## آیئے حرفوں اور ہندسوں سے تصویر بنائیں!

حرفوں اور ہندسوں کا استعمال کر کے تصویر بنائیے۔

- درج ذیل جملوں کو متوازن انداز میں لکھنے کی مشق کیجیے۔
  - میری تحریر ہی میری پہچان ہے۔
  - فطرت ہماری استاد ہے۔
  - بھارت میرا ملک ہے۔

- INDIA IS MY COUNTRY.
- SAVE TREES, SAVE EARTH.

## میرا عمل

۱) قلم، پنسل یا اسکیچ پین کا استعمال کر کے درسی کتاب سے کوئی بھی اقتباس/نظم لکھیے۔
۲) تہنیتی کارڈ بنا کر اس پر موزوں جملے لکھیے۔
۳) نعرے کا ایک فیتہ تیار کیجیے۔
۴) تختۂ سیاہ پر خوب صورت بڑے حرفوں میں اقوالِ زریں لکھیے۔

CG -1
C- 1.2
LO-04AE05
LO-04AE06

- خوب صورت اور واضح تحریر کے لیے پنسل کو صحیح طریقے سے پکڑنے کی عادت ڈلوائیں۔
- بھرپور مشق کرائیں۔ تختۂ سیاہ پر لکھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- مختلف رسم الخط میں حرف نویسی کی کوشش کرنے کے لیے کہیں۔

# ۳۔ چیزوں کی دنیا میں

چیز کی تصویر کشی سے مراد ہمارے آس پاس موجود چیزوں کا مشاہدہ کر کے انھیں ہو بہو بنانے کا عمل ہے۔ اس میں پھولوں، پھلوں، برتنوں، کھلونوں یا اسکول کی چیزوں کی تصویر کشی کی جا سکتی ہے۔ کسی بھی چیز کی تصویر کشی کرتے وقت اس کی شکل، تناسب، رنگ، سایے، روشنی اور ساخت پر توجہ دینا ضروری ہے۔ کسی چیز کو بناتے وقت رنگوں کا استعمال کر کے تصویر کو مزید خوب صورت بنایا جا سکتا ہے۔

چیز کی تصویر کشی کی مشق قوتِ مشاہدہ اور اعتماد کو بڑھاتی ہے۔

## آئیے شکلوں سے چیز کی تصویر کشی کریں!

ہم نے لکیروں سے شکلیں بنانا سیکھ لیا ہے۔ اب بنیادی شکلوں سے روزمرہ استعمال کی چیزوں کی تصویریں بنا سکتے ہیں۔ اسے درج ذیل عمل میں دیکھتے ہیں۔

ذیل میں دی ہوئی ایک یا کئی شکلوں کا استعمال کر کے زیادہ سے زیادہ چیزوں کی تصویر کشی کیجیے۔





CG -2
C- 2.1
LO-04AE09

- طلبہ کو اصل چیزیں دکھائیں، چیزوں کا مشاہدہ کر کے ان کی شکلیں پہچاننے کو کہیں۔
- سادہ شکلوں کی چیزوں کی خط نگاری سے ابتدا کریں۔



## آئیے اپنے آس پاس کی چیزوں کی خط نگاری کریں!

- اپنے بستے کی کوئی دو چیزوں کو خط نگاری کر کے رنگ بھریے۔

بستے میں موجود چیزوں کی فہرست بنائیے اور ان میں سے دو یا تین کی نیچے دی ہوئی جگہ میں خط نگاری کیجیے۔ وہ چیزیں کون سی بنیادی شکل سے ملتی جلتی ہیں، بتائیے۔

چیزوں کی خط نگاری کرتے وقت تکنیکی آلات استعمال نہ کریں۔



## آئیے چیزوں کی شکلوں میں فرق پہچانیں!

- تصویر کی چیزوں کے نام پہچانیے۔
- سب سے بڑی چیز کون سی ہے؟
- تصویر میں ایک جیسی نظر آنے والی چیزوں کے نام بتائیے۔
- کون سی چیزیں گول نظر آتی ہیں؟
- بالٹی اور ڈبے میں کیا فرق ہے؟
- سیب اور گیند میں کیا یکسانیت ہے؟
- اپنی بیاض میں سامنے کی تصویر بنائیے۔

CG -2
C- 2.1/2.2
LO-04AE10
LO-04AE11
LO-04AE12

- طلبہ کو روزمرہ کی چیزوں کا مشاہدہ کرنے اور ان کی تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔
- کمرۂ جماعت کی حقیقی چیزیں (تختۂ سیاہ، ڈسٹر، کھریا) رکھ کر مشاہدے سے تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔

## آیئے چیزوں کی خط نگاری کریں!

ہمیں فطرت سے کچھ عناصر ملتے ہیں جنھیں 'قدرتی عناصر' کہا جاتا ہے، جب کہ کچھ چیزیں خود انسانوں کی تخلیق کی ہوئی ہوتی ہیں، جنھیں 'انسان کی پیدا کردہ چیزیں' کہا جاتا ہے۔ یہ ہم نے پچھلی جماعت میں سیکھا ہے۔

- اپنی پسند کی قدرتی اور انسان کی پیدا کردہ چیزوں کا مشاہدہ کیجیے اور بیاض میں ان کی خط نگاری کیجیے۔ (مثال کے طور پر: بالٹی، مگ، گلاس، گیند، درخت کا پتا، پھول، ناریل، کیلا وغیرہ)



## میرا عمل

ا۔ گھر کی کوئی دو چیزیں بنا کر ان میں رنگ بھریے۔

۲۔ آس پاس کی کوئی پانچ چیزوں کی الگ الگ خط نگاری کیجیے۔

- سب سے پہلے پنسل سے ہلکی خط نگاری کرنے اور پھر ان میں رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔
- طلبہ سے چیزوں کو مختلف زاویوں سے دیکھنے کے لیے کہیں۔
- تصویر میں باریکی سے تفصیلات دیکھنے کی عادت ڈالیں۔

CG -2
C- 2.1/2.2
LO-04AE10
LO-04AE12

# ۴۔ میری تصویر اور میرا خیال

**خط نگاری :** خط نگاری سے مراد لکیروں کی مدد سے تصویر شروع کرنا ہے۔ خط نگاری سے ہمیں ان واقعات اور حالات کو یاد رکھنے اور ان کی تصویر بنانے میں مدد ملتی ہے جو ہم نے دیکھے ہیں۔ خط نگاری کی وجہ سے تصویر کے عناصر کی درست ترتیب، شکل (جسامت) اور تناسب کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ اس لیے تصویر کے خد و خال واضح اور سمجھنے میں آسان ہو جاتا ہے۔ اگر آپ پہلے ہلکی لکیروں سے تصویر بناتے ہیں تو غلطیوں کی اصلاح کرنا بھی آسان ہوتا ہے۔

یادداشت پر مبنی تصویر اور تخیلاتی تصویر بنانے کے لیے خط نگاری کی مشق ضروری ہوتی ہے۔

**یادداشت پر مبنی تصویر:** جب ہم یادداشت کی بنیاد پر دیکھے ہوئے، سنے ہوئے، منظرنامے، تجربے، واقعے کی تصویر بناتے ہیں تو اس تصویر کو 'یادداشت پر مبنی تصویر' کہا جاتا ہے۔

- مثال کے طور پر، کتاب کی کہانیوں پر مبنی کسی منظر کی تصویر بنانا۔

## آیئے یادداشت پر مبنی تصویر بنائیں!

- اسکول جاتے ہوئے ہم نے کون سا درخت دیکھا؟ فطرت میں کون سے عناصر نظر آئے؟ آس پاس کے درخت کیسے تھے؟ درختوں پر کیا کیا نظر آیا؟ اسی طرح ہم نے آس پاس کے لوگوں کی نقل و حرکت بھی دیکھی۔ پنسل کی مدد سے اپنی بیاض میں ان میں سے اہم عناصر کی خط نگاری کی مشق کیجیے۔







- ہر طالب علم کی تصویر کی تعریف کر کے اس کی حوصلہ افزائی کریں اور اس کی خود اعتمادی بڑھائیں۔

CG -1
C- 1.1
LO-04AE01

## یادداشت پر مبنی تصویر بنائیے۔

| گروہ 'الف' | گروہ 'ب' | گروہ 'ج' |
|---|---|---|
| **قدرتی عناصر**<br>پتے، پھول، پرندے، درخت،<br>دریا، پہاڑ، بارش | **روایتی عناصر**<br>تہوار، تقریب، روایتی کھیل،<br>رنگولی، جھالر | **جدید عناصر**<br>کمپیوٹر، ٹی وی، موبائل،<br>پارک، میٹرو |

درج بالا گروہوں میں سے کسی ایک میں سے کچھ عناصر کا انتخاب کیجیے اور ان کی بنیاد پر اپنی بیاض میں یادداشت پر مبنی تصویر بنائیے۔

- پنسل سے منتخب چیز کی کچی خط نگاری کیجیے۔
- تصویر کی بناوٹ اس طرح ہونی چاہیے کہ یہ کاغذ کی سائز کے مطابق ہو۔ منتخب چیز کی زیادہ سے زیادہ باریکیاں بنانے کی کوشش کیجیے اور تصویر میں رنگ بھریے۔

## آئیے دیکھے ہوئے منظر کی بنیاد پر تصویر بنائیں!

- آس پاس دیکھا ہوا کوئی منظر یاد کیجیے۔ اس کی باریکیاں یاد کر کے خط نگاری کیجیے۔

آپ اپنے گھر یا اسکول کے احاطے میں اپنے دوستوں کے ساتھ مختلف کھیل کھیل رہے ہیں۔ ایسا منظر یاد کر کے خط نگاری کیجیے اور رنگ بھریے۔

## آئیے منظر کی تفصیل کے مطابق تصویر بنائیں!

- ایاز باغ میں گیا۔ اس نے دیکھا کہ ایک پرندہ ایک اونچے درخت کی شاخ پر بیٹھا پھل کھا رہا ہے۔ چاروں طرف رنگ برنگے پھول کھلے ہیں۔ اس پر رنگ برنگی تتلیاں خوشی میں اُڑ رہی ہیں۔
  اس منظر کے مطابق اپنی بیاض میں تصویر بنائیے اور اس میں رنگ بھریے۔

- طلبہ کو اپنے تجربات کی بنیاد پر منظر کی خط نگاری کرنے کی ترغیب دیں۔
- صحیح اور غلط کی پابندی کیے بغیر انھیں آزادانہ طور پر تصویر بنانے دیں۔

CG -1
C- 1.1
LO-04AE01
LO-04AE04

## تخیلاتی تصویر

آنکھیں جو کچھ دیکھتی ہیں اس سے پرے جانا اور ذہن جو کچھ سمجھتا ہے اسے بصری شکل میں پیش کرنا **'تخیلاتی تصویر'** کہلاتا ہے۔تخیلاتی تصویر اختراع اور سوچنے کی صلاحیت کو بڑھاتی ہے۔اس سے مصوری میں دلچسپی اور اعتماد بھی بڑھتا ہے۔ لہٰذا،تخیلاتی تصویر ایک اہم اور لطف اندوز عمل ہے۔

تخیلاتی تصویر بناتے وقت اختراعی تخیل کیجیے۔مثال کے طور پر اُڑتی ہوئی سائیکل یا چاند پر اسکول۔آپ اپنی پسند کے خیال کو کاغذ پر لکیروں اور رنگوں کی مدد سے تخیلاتی تصویر کی شکل میں بنا سکتے ہیں۔

## آیئے تخیل سے تصویر بنائیں!

مثال: آسمان میں گھر،خوابوں کا گاؤں،اگر مجھے پر ہوتے ...،رنگین بادل وغیرہ۔





- **تخیل کیجیے اور تصویر بنایئے۔**

۱۔ اپنے تخیل سے ایسے جانور کی تصویر بنایئے جس کا وجود نہیں ہے۔

۲۔ چاند کے سفر کا تخیل کیجیے اور کاغذ پر تصویر بنایئے۔

CG- 1
C- 1.1
LO-04AE02
LO-04AE13

- کمرۂ جماعت میں ایسا ماحول بنائیں جس سے طلبہ کے تخیل کو وسعت ملے۔

# میرا عمل

۱۔ بازار میں نظر آئے کسی واقعے کی تصویر بنائیے اور اس میں رنگ بھریے۔

۲۔ 'پتنگ اُڑاتے بچے' کے موضوع پر ایک یادداشت پر مبنی تصویر بنائیے۔

۳۔ 'روبوٹ کے ساتھ کھیلنے' کا تصور کر کے ڈرائنگ بیاض میں تصویر بنائیے۔

۴۔ 'چاکلیٹ کے گھر' کا تصور کر کے ڈرائنگ بیاض میں تصویر بنائیے۔

۵۔ ہوا میں اُڑتی ہوئی کاروں کا تصور کر کے ڈرائنگ بیاض میں تصویر بنائیے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ کوئی تصور غلط نہیں ہوتا ہے۔
- تخیلاتی تصویر بناتے وقت غلطیوں کی نشاندہی نہ کریں۔ تخیل کی حوصلہ افزائی کریں۔ تصاویر کی تعریف کریں۔

CG- 1/2
C- 1.1/2.2
LO-04AE01
LO-04AE02
LO-04AE04
LO-04AE13

# ۵۔ سہ ابعادی فنکاری

مجسمہ سازی سے مراد مٹی، کاغذ، لکڑی یا دیگر ذرائع استعمال کر کے سہ ابعادی فنی فنکاری تخلیق کرنے کا فن ہے۔ مجسمہ سازی کے ذریعے بنائی ہوئی چیزوں کا ہر جہت سے لطف اُٹھایا جا سکتا ہے۔ ایسی چیزوں کی لمبائی، اونچائی، چوڑائی اور موٹائی ہوتی ہے، اسی لیے انھیں 'سہ ابعادی چیزیں' یا 'مجسمہ' کہا جاتا ہے۔

مجسمہ سازی میں ہم مٹی کے ذریعے جانور، پھل، پھول یا مختلف چیزیں بنا سکتے ہیں۔ سہ ابعادی کی وجہ سے چیزوں کی شکل اور ساخت کو سمجھنے میں ہمیں مدد ملتی ہے۔ اس لیے مجسمہ سازی ہمارے لیے ایک خوشگوار اور مفید فن ہے۔

## آئیے دستیاب مٹی (کلے) سے علامتی شکل بنائیں!

۱۔ سب سے پہلے نرم اور صاف مٹی لیجیے۔
۲۔ مٹی کو ہاتھ سے گوند کر نرم کیجیے۔
۳۔ ایک سادہ علامتی شکل کا انتخاب کیجیے۔ مثلاً سورج، درخت، کتاب، مچھلی۔
۴۔ مٹی کی ایک چھوٹی سی گیند لے کر اسے ہاتھ یا کسی آلے سے شکل دیجیے۔
۵۔ منتخب کردہ علامت کے مطابق صحیح شکل بنانے کے لیے مٹی کو دبائیے یا موڑیے۔
۵۔ اپنی انگلیوں یا تیلی سے تخلیق کردہ علامت پر چھوٹی چھوٹی باریکیاں دکھائیے۔
۷۔ تیار شدہ شکل کو خشک ہونے کے لیے چپٹی سطح پر آہستہ سے رکھیے۔
۸۔ مٹی کی شکل کو خشک کرنے کے بعد اس پر رنگ لگائیے تاکہ وہ مزید دل کش ہو جائے۔

یہ عمل تخلیقی صلاحیتوں، تخیل اور دستکاری کو فروغ دیتا ہے۔






- طلبہ کو دستکاری استعمال کرنے کی ترغیب دیں۔
- سادہ شکلوں سے شروع کرائیں اور انھیں چیزیں بنانا سکھائیں۔

CG -3
C- 3.2
LO-04AE17
LO-04AE18

## قدرتی عناصر کی فنکارانہ خصوصیات

تصویر یا مجسمہ بنانے سے پہلے ہمیں آس پاس کے قدرتی اور طبعی عناصر کا بغور مشاہدہ کرنا چاہیے۔ مشاہدے کے ذریعے مختلف قدرتی عناصر کی فنکارانہ خصوصیات کو نوٹ کرنا ضروری ہے۔ مثال کے طور پر پانی کی لہریں لہردار، درخت - شاخدار، اشوک کا درخت - مخروطی شکل میں نیچے سے اوپر تنگ ہوتا ہوا، سورج کی تپش، شدت وغیرہ۔ دیگر قدرتی عناصر کی خصوصیات پر بات چیت کیجیے۔

## آیئے دستیاب وسائل سے ایک ماڈل بنائیں!

چھوٹے سے گاؤں، باغ، مکان وغیرہ میں سے کسی ایک کا ماڈل بنایئے۔ (مثال کے طور پر درختوں کے پتے، شاخیں، مکان کے لیے خالی ڈبے، سڑک یا سجاوٹ کے لیے پتھر، ریت استعمال کی جاسکتی ہے)









- طلبہ کو اپنے ہاتھ سے کام کرنے کا عادی بنائیں۔
- حفاظت کا خیال رکھتے ہوئے وسائل کا استعمال سمجھائیں۔
- قدرتی عناصر کا مشاہدہ کرنے کے بعد مشاہدہ کردہ قدرتی عناصر کی فنکارانہ خصوصیات پر بات چیت کرنے کا موقع دیں۔

CG -3
C- 3.2
LO-04AE17
LO-04AE18
LO-04AE19

## سہ ابعادی فنکاری کی دنیا

ہم اپنے آس پاس مختلف قسم کی سہ ابعادی بناوٹیں دیکھتے ہیں۔

- روزمرہ استعمال کی چھوٹی چیزوں کا استعمال کرکے بنائی ہوئی سہ ابعادی بناوٹیں دیکھیے اور ان کی فہرست بنائیے۔





**اپنے آس پاس یا گھر میں دیکھی ہوئی کوئی چار سہ ابعادی بناوٹوں کے نام بتائیے اور ان چیزوں کی وضاحت کیجیے۔**

۱) ........................................ ۲) ........................................

۳) ........................................ ۴) ........................................

## قدرتی وسائل سے فنکاری

ماحول دوست وسائل یعنی ایسے عناصر اور چیزیں جو فطرت کو نقصان نہیں پہنچاتی ہیں۔

- قدرتی مواد کا استعمال کرکے ڈیزائن بنائیے۔

مثلاً: پتے، پھول، بیج، درختوں کی سوکھی شاخیں، رنگولی، پتھر، مٹی وغیرہ۔







اوپر کی طرح اپنے آس پاس دستیاب وسائل کا استعمال کرکے مختلف فنکاری کی چیزیں بنائیے۔

- اصل چیزیں دکھا کر سہ ابعادی اشکال کے تصور کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ان کی بنائی ہوئی چیزوں کی نمائش کا اہتمام کریں۔

CG –3
C– 3.2
LO–04AE17

## آئیے سہ ابعادی حرف بنائیں!

- مٹی سے اپنے نام کا پہلا حرف بنائیے۔










## میرا عمل

۱۔ قدرتی عناصر کا استعمال کر کے گل دان بنائیے۔

۲۔ آس پاس دستیاب مٹی کا استعمال کر کے اپنی پسند کے زیورات بنائیے۔

۳۔ آس پاس موجود ماحول دوست عناصر کا استعمال کر کے ایک دل کش سہ ابعادی بناوٹ بنائیے۔

۴۔ مٹی سے ٹریفک قوانین کی علامتیں (نشانیاں) بنائیے۔

۵۔ مٹی سے جانور یا پرندے کا ماڈل بنائیے۔

- اصلی چیزوں کے نمونے دکھائیں۔ طلبہ کے تخیل کو مہمیز کریں۔ سادہ چیزوں سے شروع کرائیں۔ صفائی اور حفاظت پر توجہ دیں۔

CG -3
C-3.2
LO-04AE18


تھیٹر (اسٹیج)

# ۶۔ آئیے اداکاری کریں

ہم اپنے آس پاس بہت سی آوازیں سنتے ہیں۔ آپ نے کس کس کی آواز سنی ہیں؟ ہم نے جانوروں، پرندوں، انسانوں کی آوازیں سنی ہیں۔ ان میں سے کچھ کی آوازیں آڈیوٹیپ سے سنیے۔ تھوڑی دیر کے لیے آنکھیں بند کر لیجیے۔

''پیاز - آلو - دھنیا... تازہ میتھی لے لو...''

''ردّی ... پیپر ... پرانا لوہا لیں گے ... پرانا بھنگار لیں گے، بھنگار والا ااااا''

''ٹنگ - ٹنگ - ٹنگ - ٹنگ ...قلفی لے لو، قلفی ...ٹھنڈی ملائی قلفی ی ی ی ی''

''بچو، آنکھیں کھولو اور بتایئے، کیا کبھی آپ کے اردگرد ایسی آوازیں آتی ہیں؟ یہ آوازیں کس کی ہونی چاہئیں؟''

بالکل صحیح، یہ ان لوگوں کی آوازیں ہیں جو پیشے کرتے ہیں۔

## آیئے تھوڑا غور کریں!

۱۔ سبزی والا آواز کیسے لگا تا ہے؟

۲۔ ردّی والا آواز کیسے لگا تا ہے؟

۳۔ کیا قلفی بیچنے والے کی آواز کے ساتھ گھنٹی کی آواز آتی ہے؟

ہر پیشہ ور کی آواز اور بولنے کا انداز مختلف ہوتا ہے۔ ان کی آواز لگانے کا طریقہ بھی مختلف ہے۔ ہم انھیں ان کی آواز سے دور سے ہی پہچان لیتے ہیں۔

## آیئے نقل کریں!

کسی پیشہ ور کی نقل کرتے وقت ہمیں اس شخص کے پیشے، لباس اور آواز کو مدنظر رکھنا ہوگا۔ سبزی فروش کی نقل اُتارتے ہوئے سبزی فروش اپنے سر پر ٹوکری اٹھائے سبزی لے جاتا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ ''لے لو سبزی ..تازہ، تازہ سبزیاں'' کی آواز لگاتا ہے۔ پھر نقل اُتارنے کے لیے سبزی فروش اپنے سر پر ٹوکری کس طرح رکھتا ہے ایسا عمل کر کے ''سبزیاں ...تازہ، تازہ سبزیاں ...'' جیسی آواز لگانی ہے۔

تو پہلے سبزی فروش کی نقل اُتارتے ہیں۔

خوب، اچھا سب نے اچھی نقل اُتاری۔

- طلبہ کو ہو بہو آواز لگا کر اداکاری کرنے کا موقع دیں۔
- ہر طالب علم کو شریک کر کے اس کے اپنے مشاہدات کی بنیاد پر کی گئی اداکاری کی تعریف کریں۔
- پہلے صفحہ پر کیو.آر.کوڈ اسکین کریں اور سمعی و بصری ذرائع کے ذریعے وضاحت کریں۔

CG – 1
C – 1.2
LO–04AE23

اب آپ درج ذیل پیشہ وروں کی نقل اُتارنے کی کوشش کیجیے۔












دی ہوئی تصویر کے لوگوں کی آوازوں کی نقل اُتاریے۔

مختلف پیشہ ور افراد کی آوازوں کے اُتار- چڑھاؤ کی مشق کیجیے اور جماعت کے سامنے پیش کیجیے۔ اس پر بات چیت کیجیے کہ پیشکش کو بہتر بنانے اور دوبارہ پیش کرنے کے لیے ہر کوئی پیشکش میں اور کیا کر سکتا تھا۔

## کس کی آواز ہے؟

## آیئے کھیل کھیلیں!

ایک لڑکا یا لڑکی آنکھیں بند کر کے کھڑی رہے۔ اس کے پیچھے کسی دوست/ سہیلی کو کھڑا کیجیے۔ پیچھے کھڑا دوست آس پاس کے کسی پیشہ ور جیسی آواز لگائے۔ آگے دوست یا سہیلی کو پہچاننا ہے کہ یہ آواز کس کی ہے اور اس کا کون سا ہم جماعت یہ آواز نکال رہا ہے۔ جو دوست یا سہیلی آواز نہیں پہچان سکے اسے دو موقع اور دیجیے۔ اگر وہ اب بھی اس کی شناخت نہ کر پائے تو اسے استاد کے بتائے ہوئے کسی کی نقل اُتارنا ہوگا۔

CG – 1/2
C – 2.1/1.2
LO–04AE24/28

• طلبہ کی پیش کش کی تعریف کریں اور ان کے اعتماد کی تعریف کریں۔ ان کے آواز کا اُتار- چڑھاؤ کس طرح بدلتا ہے، اس جانب متوجہ کریں۔

## آئیے مشاہدے کی مدد سے بیان کریں!

اپنے خاندان کا کوئی فرد ناراض ہے یا خوش ہے ہم اس کی آواز یا حرکت سے پہچان سکتے ہیں۔ ہے نا؟ یہ سمجھنے کے لیے کہ جانور یا پرندے خوش ہیں یا ناراض، ہم ایک ایسی دنیا میں جا رہے ہیں جہاں انسان نہیں بلکہ جانور بات کرتے ہیں! جانور بالکل نہیں بولتے! بالکل صحیح۔ لیکن وہ ناراض ہیں یا خوش ہیں ہم ان کی حرکات وسکنات سے اندازہ لگا سکتے ہیں۔

**اب نیچے دی ہوئی تصویروں کو دیکھیے!**



تصویریں دیکھ کر تصویروں میں موجود مناظر کے بارے میں غور کیجیے اور بغیر مکالمے کہے صرف حرکات وسکنات کے ذریعے منظر پیش کیجیے۔ اس قسم کی اداکاری کو 'خاموش اداکاری' کہتے ہیں۔

## آئیے یہ کرکے دیکھیں!

ا۔ خاموش اداکاری کے لیے دو سے تین جانوروں یا پرندوں کے ویڈیو کلپس دیکھ کر ان کی حرکات وسکنات کی مشق کیجیے۔

۲۔ درج ذیل نکات کی بنیاد پر خاموش اداکاری کے ذریعے اسکول کی تیاری کا ایک منظر پیش کیجیے۔

- بستے میں بیاضیں اور کتابیں رکھنا۔ بال سنوارنا، کھانے کا ڈبا لینا، پانی کی بوتل بھرنا، جوتے یا چپل پہن کر اسکول کے لیے روانہ ہونا۔

CG -1
C – 1.1
LO-04AE22

- مختلف جانوروں اور پرندوں کی حرکات وسکنات کی نقل اُتارنے کا موقع دیں۔ خاموش اداکاری کے ذریعے ایسی حرکات وسکنات پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- 'شیر آیا' جیسے مختلف کھیل، تصویر خوانی یا خاندانی منظر پر خاموش اداکاری کرنے کے لیے کہیں۔

## آئیے کھیل کھیلیں!

### آئینہ ہوں مَیں تیرا

دو دو کی جوڑیاں بنائیے۔ ایک 'اداکار' اور دوسرا 'آئینہ'۔ اداکار کوئی عمل کرے گا۔ جو دوست 'آئینہ' بنا ہے اسے ایک ہی وقت میں ہو بہو وہی عمل اور چہرے کے وہی تاثرات کر کے دکھانا ہے۔

**نیچے دی ہوئی تصویر دیکھیے۔ تصویر کا مشاہدہ کر کے کرداروں کا انتخاب کیجیے اور پیپر ماسک کا استعمال کر کے مکالمے کے ساتھ گروہ میں پیش کش کیجیے۔**



### جنگل کے دوستوں کا سفر

(کردار - درخت، مور، ہاتھی، خرگوش، ہوا، بارش، پہاڑ، سورج)

**پہاڑ :** میں یہاں کئی برسوں سے بغیر ہلے کھڑا ہوں۔

**سورج :** میں سورج ہوں۔ جب میں طلوع ہوتا ہوں تو ہر طرف روشنی پھیل جاتی ہے۔

**درخت :** میں بڑا درخت ہوں۔ میں سب کو سایہ دیتا ہوں۔

**ہاتھی:** میں اپنی سونڈ سے راستے میں آنے والے پتھروں اور شاخوں کو دھکیل کر ہر ایک کی مدد کرتا ہوں۔

**مور :** میں خوب صورت پروں کے ساتھ رقص کرتا ہوں اور جنگل کی خوب صورتی میں اضافہ کرتا ہوں۔

**خرگوش:** میں تیز دوڑتا ہوں۔ مجھے گاجر کھانا پسند ہے!

**ہوا :** میں ٹھنڈی ہوا لاتی ہوں۔ میں سب کو خوش کرتی ہوں۔

**بارش:** میں پانی دیتی ہوں۔ اس لیے جنگل ہرا بھرا رہتا ہے۔

**جنگل:** جنگل ہمارا ہے اور ہم سب ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

- مختلف منظر کے مکالمے تیار کر کے ماسک کے ساتھ گروہ میں پیش کش کرنے کا موقع فراہم کریں۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جانوروں، پرندوں کی اداکاری کرنے کے لیے مختلف مکھوٹے بنائیں۔
- جانوروں، پرندوں کی آوازوں اور حرکات و سکنات کی ہو بہو نقل کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کریں۔

CG -3/4
C - 3.1/4.1
LO-04AE31/32/37

اس کے لیے سالگرہ کے لیے دیے ہوئے کاغذی ماسک استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ضرورت کے مطابق کاغذ یا کارڈ شیٹ سے ماسک بنائیے۔

ماسک استعمال کر کے جانوروں، پرندوں پر مبنی منتخب کہانیاں پیش کیجیے۔

## میرا عمل

- درسی کتاب کے کسی بھی موضوع پر مکالمہ تیار کیجیے اور کرداروں کا انتخاب کیجیے۔ مکالمے کو ماسک اور پوشاک استعمال کر کے گروہ میں پیش کیجیے۔
- اپنے آس پاس کے پیشہ وروں کا مشاہدہ کیجیے اور اداکاری کیجیے۔
- پیشہ وروں سے متعلق کوئی منظر کا انتخاب کر کے خاموش اداکاری پیش کیجیے۔



# ۷۔ آئیے ڈرامے کی تیاری کریں

اب تک آپ کئی بار ثقافتی پروگراموں میں شرکت کر چکے ہوں گے، ہے نا۔ ہم نے جماعت میں بھی جانوروں، پرندوں، خاندان کے افراد کی آوازوں اور حرکات وسکنات کی نقل اُتار کر اور خاموش اداکاری کی پیش کش کی ہے۔ اب ہم ایک منظر کی پیش کش کرنے جارہے ہیں۔ کیا آپ تیار ہیں؟

## کارکردگی کے مراحل

اوہ ہاں، لیکن اس سے پہلے ہمیں منظر کی پیش کش کی تیاری کرنی ہوگی۔ جب ہم گھر یا اسکول میں کوئی تقریب مناتے ہیں تو اس وقت گھر کے تمام لوگ مل کر بیٹھتے ہیں اور طے کرتے ہیں کہ اس تقریب کے لیے کیا سامان درکار ہوگا؟ کیا تیاریاں کرنی ہوں گی؟ اور ان میں سے کون کیا کام کرے گا؟ تقریب کے لیے کون سے کپڑے پہنے جائیں گے؟ ہم بہت منصوبہ بندی کرتے ہیں اور پھر اصل تقریب کی تیاری شروع کرتے ہیں۔ جب سب کچھ منصوبہ بندی کے مطابق کیا جاتا ہے تو وہ تقریب بھی خوب صورتی سے انجام پاتی ہے۔ یہ تقریب سالگرہ ہو یا شادی، پلاننگ اور تیاری کرنی ہی پڑتی ہے۔




اسی طرح اگر ہم ڈرامے کے ذریعے کسی واقعے / منظر کو پیش کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں پہلے واقعے کا انتخاب کرنا ہوگا۔ واقعے کے موضوع کو مدنظر رکھتے ہوئے کرداروں کا فیصلہ کرنا ہوگا۔ ہمیں یہ بھی طے کرنا ہے کہ کون سا کردار کون ادا کرے گا۔ کردار اور موقع کے لیے مناسب پوشاک اور وسائل جمع کرنا بھی تیاری کا حصہ ہے۔

اس کے ساتھ مکالموں کو یاد کر کے ان کی مشق کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ کافی مشق کے بعد، ہم اسٹیج پر کارکردگی کو مؤثر طریقے سے پیش کر سکتے ہیں۔

یہ ساری منصوبہ بندی اور پیشگی تیاری پیش کش کے مراحل ہیں۔ سامنے کی شکل کے ذریعے آپ بہتر طور پر سمجھ سکیں گے۔

تو آئیے اس کے لیے ایک منظر کا انتخاب کریں اور پیش کش کے تمام مراحل کا استعمال کر کے اسے پیش کریں۔

- منظر کی پیش کش کے مختلف مراحل کی وضاحت کریں۔

CG -2/3
C - 2.1/3.1
LO-04AE25/30

ہماری روزمرہ زندگی میں ہم بہت سے لوگوں سے مکالمہ کرتے ہیں۔ جب ہم بازار جاتے ہیں تو گاہک سبزی فروش سے بات کرتا ہے۔ اس مکالمے کے ذریعے ہم چیز کی قیمت پوچھنا، اس کا تعین کرنا، لین دین کرنا اور شائستگی سے بات کرنا سیکھتے ہیں۔ آج ہم سبزی فروش اور گاہک کے درمیان مکالمہ دیکھیں گے۔

**منظر : سبزی بازار (خاتون سبزی فروش مختلف سبزیاں لے کر بیٹھی ہے)**

(کردار : سبزی فروش اور گاہک)

**گاہک:** خالہ، بیگن کتنے کے ہیں؟

**سبزی والی:** دیکھو، یہ سچ میں تازہ بیگن ہیں! ۳۰ روپے فی کلو۔ لے لو، صبح ہی توڑ کر لائے ہیں۔

**گاہک:** اوہ میرے خدا! کل ۲۰ روپے کے تھے۔ آج ان میں اچانک اتنا اضافہ ہو گیا ہے؟ کیا تھوڑا کم کر سکتی ہیں؟

**سبزی والی:** ارے بھیا، کتنی بارش ہو رہی ہے، دیکھو۔ کھیت سے بیگن نکال نہیں پاتے، اس لیے وہ تھوڑے مہنگے ہیں۔

**گاہک:** وہ تو ٹھیک ہے لیکن میں ہمیشہ آپ سے ہی لیتا ہوں۔ ۵۰ روپے میں آدھا کلو دیجیے اور ساتھ میں ۱۰ روپے کا ہرا دھنیا بھی دیجیے۔

**سبزی والی:** (ہنستے ہوئے) ارے بھیا، ۶۰ روپے میں تو مجھے بھی نہیں ملتے۔ ٹھیک ہے، تمھارا نہ میرا، کُل ملا کر ۱۵ روپے کا ہرا دھنیا اور ۵۵ روپے کے بیگن۔ کل ۷۰ روپے دو۔

**گاہک:** ٹھیک ہے۔ یہ لیجیے ۷۰ روپے۔ اچھا، یہ بھنڈی کتنے کی ہے؟

**سبزی والی:** بھنڈی ۶۰ روپے کلو ہے۔ بھنڈی بہت کولی ہے، چاہیں تو نوک موڑ کر دیکھ لو۔

**گاہک:** آدھا کلو بھنڈی دے دیں اور ہاں، ہری مرچ اور کڑی پتا ڈالنا مت بھولنا!

**سبزی والی:** ضرور، ضرور! میں تمھارے کہنے سے پہلے ہی تھیلی میں مرچ اور کڑی پتے ڈال چکی ہوں۔ یہ لو تمھاری سبزیاں۔

**گاہک:** شکریہ خالہ۔ اب چلتا ہوں۔

**سبزی والی:** جاؤ، لیکن دوبارہ ضرور آنا!

- پیش کش کے لیے منتخب کردہ واقعے/منظر کی خواندگی کرنے کے لیے کہیں۔

CG -1
C -1.2
LO-04AE23

## کردار اور کرداروں کا انتخاب

اب اگر ہم اس منظر کو پیش کرنا چاہتے ہیں تو پہلے ہمیں غور کرنا ہوگا کہ اس منظر میں کتنے کردار ہیں۔ اس منظر میں دو مرکزی کردار ہیں؛ سبزی فروش اور گاہک۔ ان کرداروں کو طے کرتے وقت سبزی فروش ایک بوڑھی عورت ہے۔ گاہک درمیانی عمر کا مرد کردار ہے۔ یہ ہمیں منظر میں ہونے والے مکالمے سے سمجھ میں آئے گا۔ یعنی ان دو کرداروں کے لیے دو طالب علم، ایک لڑکی اور ایک لڑکے کا انتخاب کرنا ہوگا۔ تو بتائیے، آپ میں سے کون سبزی فروش خالہ اور کون گاہک بنے گا اور اپنے اپنے مکالمے یاد کرلیں۔ تب تک آئیے مزید تیاری کرلیں۔

ان کرداروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مکالمے اچھی طرح یاد کرلیں تاکہ وہ آسانی سے مکالمے ادا کرسکیں۔

## پوشاک

اب جبکہ کرداروں کا تعین ہو چکا ہے تو ان کی عمر اور کردار پر غور کیا جانا چاہیے۔ واضح رہے کہ سبزی فروش گاہک سے بڑی عمر کی عورت ہونی چاہیے۔ سبزی فروش کو چھے واری ساری یا نو واری ساری پہننا ہے۔ اس کی کمر پر پیسوں کی تھیلی یا بٹوا ہو اور سامنے سبزیوں کی ٹوکریاں ہوں۔

گاہک ایک ادھیڑ عمر کا آدمی ہے، قمیص اور پینٹ پہنے۔ بازار کے لیے تھیلی لے کر جا رہا ہے۔ اس طرح سے کپڑوں کا فیصلہ موقع کے مطابق کرنا پڑے گا۔ اسے ڈرامے کی زبان میں پوشاک کہتے ہیں۔

## میک اَپ

منظر کی پیش کش کو بالکل اصلی بنانے کے لیے پوشاک کے ساتھ میک اَپ بھی اہم ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر سبزی فروش کے طور پر منتخب ہونے والا کردار تھوڑا بڑا ہے۔ یعنی اس کے بال تھوڑے سفید ہوگئے ہیں وغیرہ۔ اب آپ کی سمجھ میں آ گیا ہوگا کہ کردار کے مطابق اسے سنوارنے کا مطلب میک اَپ ہے۔

اب تک ہمیں کردار کے مطابق پوشاک کا مطلب لباس، میک اَپ کے لیے چند لوازمات درکار ہوں گے۔ تو آئیے منظر کی پیش کش کے لیے وسائل کو منتخب کرتے ہیں اور انھیں یکجا کرتے ہیں۔

- منظر کی پیشکش کے لیے چنے ہوئے منظر کے مطابق کرداروں کے انتخاب پر بات چیت کریں۔
- منظر کی مناسبت سے پوشاک اور میک اَپ کے انتخاب پر بات چیت کریں۔
- منظر کی مناسبت سے پوشاک اور میک اَپ کے انتخاب کا موقع دیں۔

CG -3
C -3.1/3.2
LO-04AE31/34

## آیئے وسائل کا انتخاب کریں!

اب سبزی فروش اور گاہک کا منظر پیش کرنے کے لیے ہمیں کون سے لوازمات درکار ہوں گے؟ بالکل صحیح۔ ترازو، سبزیاں، چھوٹی ٹوکریاں، تھیلی، پیسے، بٹوا، ساری وغیرہ۔ واہ! اچھی فہرست بنائی آپ نے۔
تو آیئے ان لوازمات کو جمع کرنا شروع کرتے ہیں۔

### ڈرامے کے مطابق درج ذیل وسائل استعمال کیجیے۔



درج بالا مواد کا مشاہدہ کیجیے اور ان کی درج ذیل منظرناموں میں جماعت بندی کیجیے اور انھیں اپنی بیاض میں لکھیے۔

| ۱۔ اسپتال کا منظر | ۲۔ باورچی خانے کا منظر | ۳۔ کمرۂ جماعت کا منظر |
| --- | --- | --- |
| .................... | .................... | .................... |
| .................... | .................... | .................... |
| .................... | .................... | .................... |
| .................... | .................... | .................... |
| .................... | .................... | .................... |

- طلبہ کو منظر کی پیشکش کے لیے منتخب کیے ہوئے منظر کے مطابق درکار لوازمات کی فہرست بنانے کے لیے کہیں۔
- لوازمات کا انتخاب کرتے وقت وہ قدرتی یا ماحول دوست ہوں، اس بارے میں معلومات دیں۔

CG -2/4
C - 2.1/4.1
LO-04AE25/36

## متبادل لوازمات کا استعمال

اب دیکھیے، ہم نے تقریباً سب کچھ تیار کر لیا ہے لیکن کیا ہمارے لیے تمام سبزیاں، ترازو، تھیلی، پیشکش کے لیے پیسے لانا ممکن ہوگا؟ نہیں، ٹھیک ہے؟ پھر آیئے اس کا متبادل تلاش کرتے ہیں۔

اب اگر آپ سبزی بیچنے والی خالہ کے پاس مختلف سبزیاں دکھانا چاہتے ہیں تو سوچیے کہ آپ انھیں کیسے دکھا سکتے ہیں۔

سبزیوں کے طور پر آپ اپنے آس پاس کے درختوں کے رنگ برنگے پتے، پھول، پھلیاں، گھاس کو بطور سبزی استعمال کر سکتے ہیں۔ آیئے خردہ پیسے کے طور پر چپٹے پتھر جمع کیجیے، نوٹوں کے لیے کاغذ کے ٹکڑے استعمال کیجیے، تو کیا لوازمات تیار ہیں؟ یہ مزے دار ہے یا نہیں! گڑیا کے کھیل میں بھی ہم اس طرح لوازمات جمع کرتے ہیں، ہے نا؟

## لوازمات کی تخلیق

ہمیں بہت سارے لوازمات تو آس پاس مل گئے ہیں اور کچھ ہم نے متبادل لوازمات کے طور پر استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ لیکن ترازو کے طور پر کون سا متبادل وسیلہ استعمال کرنا چاہیے، یہ سجھائی نہیں دے رہا ہے نا؟

تو آیئے ایک ترازو بناتے ہیں۔

بہت آسان ہے۔ ہم نے بازار میں ترازو دیکھے ہیں۔ دونوں طرف دو پلڑے ہوتے ہیں اور ان کا توازن قائم کرنے کے لیے ڈنڈی ہوتی ہے۔ اب پلڑے کے لیے دو پیپر ڈش لیجیے۔ ڈنڈی کے لیے لکڑی لے لیجیے۔ اب تصویر میں دکھائے ہوئے مراحل پر عمل کرکے ترازو تیار کیجیے۔ وزن کے لیے چھوٹے، ہلکے اور بڑے پتھر استعمال کیجیے۔ یعنی جب منظر کو پیش کرنے کے لیے ضروری لوازمات میسر نہ ہوں اور متبادل لوازمات بھی میسر نہ ہوں تو کچھ لوازمات تیار کر کے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔




- اگر موقع کے مطابق ضروری لوازمات دستیاب نہ ہوں تو متبادل لوازمات پر غور کرنے کے لیے کہیں۔ منظر کے مطابق کون کون سے متبادل لوازمات استعمال کیے جاسکتے ہیں، اس پر بات چیت کریں۔
- متبادل لوازمات کا انتخاب کرتے وقت وہ قدرتی یا ماحول دوست ہوں، اس بارے میں معلومات دیں۔

CG -2/3/4
C - 2.1/3.1/4.1
LO-04AE/25/30 /36

## لوازمات کوترتیب دیتے وقت

منظر یا ڈراما پیش کرتے وقت اس کے لیے مطلوبہ لوازمات کا انتخاب گروہ میں بات چیت کرنے کے بعد کیا جاتا ہے۔ جو لوازمات ملے ہیں انھیں یکجا کر کے مشق شروع کرتے ہیں۔ ورنہ پیش کش کے وقت کچھ بھی گڑبڑ ہوسکتی ہے۔ لہٰذا دیکھتے ہیں کہ پیش کش کے دوران سب کو کیا یاد رکھنا ہے اور کس سے پرہیز کرنا ہے۔

- لوازمات استعمال میں آسان اور ہلکے ہونے چاہئیں۔
- جو لوازمات ہمارے پاس نہیں ہیں، ان کے لیے ہو بہو نظر آنے والے لوازمات کو کاغذی فیتوں/ تیلیوں جیسے وسائل سے بنایا جائے۔
- مشق کے دوران، ان لوازمات کو بار بار استعمال کرنا ہوگا۔ اس لیے ہمیں خیال رکھنا چاہیے کہ وہ ٹوٹ نہ جائیں۔
- تیز، نکیلے لوازمات کا استعمال کرتے وقت ان سے کٹنے یا لگنے سے احتیاط برتنا چاہیے۔
- ہمارے فنکار دوست/ سہیلیاں اسٹیج پر لوازمات صحیح طریقے سے لے جاسکیں، اس کے لیے ہمیں پیش کش شروع ہونے سے پہلے ہی انھیں ترتیب دے دینا چاہیے۔
- اسٹیج کی بائیں اور دائیں جانب انھیں ایسی جگہ ترتیب دیں جہاں ناظرین کو نظر نہ آئیں۔ لوازمات کے ساتھ مشق کرتے وقت استاد اور دیگر دوستوں/سہیلیوں کی تجویز کے مطابق ضروری تبدیلیاں کیجیے۔
- اہم بات یہ ہے کہ مشق کے بعد تمام لوازمات کو جمع کرنا اور انھیں صحیح جگہ پر رکھنا نہ بھولیے۔
- ضرورت نہیں ہونے پر ان لوازمات سے کھیلتے مت بیٹھیے۔

اب آپ کی سمجھ میں آگیا ہوگا کہ اگر آپ کسی ڈرامے میں کسی بھی واقعے کو پیش کرنا چاہتے ہیں تو اسے پیش کرنے سے پہلے منظر کا انتخاب، کردار، مکالمے، لوازمات کا انتخاب، پوشاک، میک اَپ اور مشق کر کے آخری پیش کش کرنا ہوتا ہے۔ تو آئیے پہلے ہی اچھی طرح پڑھتے ہوئے منظر کی پیشگی تیاری کر کے پیش کش کریں۔

جماعت میں منظر کی مشق اور پیش کش کرنے کے دوران، جماعت میں موجود دیگر طلبہ مشاہدہ کر کے ضروری اصلاحات تجویز کریں۔ موصول ہونے والی تجاویز کے مطابق پیش کش میں ضروری تبدیلیاں کیجیے اور پیش کش کیجیے۔

- منظر کے مطابق جمع کردہ یا تیار کردہ لوازمات کو ترتیب دینے کے بارے میں معلومات دیں۔
- لوازمات کو استعمال کرنے اور ان کی دیکھ بھال کرنے کی اہمیت پر زور دیں۔

CG -2/3/4
C -2.1/3.1/3.2/ 4.1
LO-04AE26/28/29
/33/34/36

# میرا عمل

۱) آپ کے پاس 'رائٹنگ پیڈ' تو ہوگا ہی۔ ڈراموں میں کون کون سی چیزوں کے متبادل کے طور پر ہم اسے استعمال کر سکتے ہیں، لکھیے۔



۲) درسی کتاب سے کوئی ایک منظر کا انتخاب کیجیے اور اس پر مبنی پیش کش کے مراحل کے مطابق پیشگی تیاری کیجیے اور اسے گروہ میں پیش کیجیے۔

CG – 2/3
C – 2.1/3.1/3.2
LO – 04AE25/26/30/29/31/33/36

- اگر پیش کش کے لیے مطلوبہ چیزیں دستیاب نہیں ہیں تو بات چیت کریں کہ ہو بہو نظر آنے والی چیز کو مختلف طریقوں سے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کے مطابق اسے استعمال کرنے کا موقع فراہم کریں۔
- ایک ہی چیز کو مختلف طریقوں سے استعمال کرنے کے طریقے پر بات چیت کریں۔

## ۸۔ آیئے اسٹیج پر چلیں

**آیئے اس کہانی کو پڑھیں اور پیش کریں۔**





بھرت پور نام کا ایک قصبہ تھا۔ اس شہر میں وجے سنگھ نام کا ایک شہزادہ رہتا تھا۔ وہ بہت بہادر تھا۔ ایک دن اس نے تنہا جنگل جانے کا ارادہ کیا۔ صبح جیسے ہی مرغ نے بانگ دی، شہزادہ اُٹھ بیٹھا۔ وہ نہا دھوکر تیار ہوا۔ تلوار ساتھ لے کر چل پڑا۔ وہ اپنا گھوڑا لے کر آہستہ آہستہ بھرت پور سے باہر نکلا۔ اب بستی ختم ہو چکی تھی۔ وجے سنگھ نے اپنے گھوڑے کی رفتار بڑھا دی۔ میدان ختم ہو گئے۔ آہستہ آہستہ جنگل شروع ہوگیا۔ ایک جگہ وجے سنگھ نے اپنا گھوڑا ایک درخت سے باندھا اور پیدل جنگل کی طرف روانہ ہوگیا۔ پتوں کی سرسراہٹ سنائی دے رہی تھی۔ جیسے جیسے وہ آگے بڑھا ویسے ویسے ہوا کی رفتار بڑھتی گئی۔ ہوا کا تیز جھونکا آیا۔ درختوں کی شاخیں ملنے لگیں۔ سوکھے درخت گرنے لگے۔ بجلی کڑکنے لگی۔ اچانک ایک بہت بڑا، بدصورت عفریت اس کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ اس نے کہا، ’’شہزادے، میں تمھیں کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچاؤں گا لیکن میں تمھیں خبردار کر رہا ہوں یہ جادوئی جنگل ہے۔ تم اس میں زندہ نہیں رہ سکو گے اور تمھاری تلوار بھی کچھ نہیں کر سکے گی۔ اس سے پہلے کہ وہ جادوگر آ جائے تم جلدی سے واپس چلے جاؤ۔‘‘

لیکن وجے سنگھ ڈرا نہیں۔ ابھی وہ کچھ کہنے ہی والا تھا کہ عفریت غائب ہو گیا اور تیز بارش شروع ہو گئی۔ ایک ایک کر کے جنگل کے درخت خود بخود غائب ہونے لگے۔ رفتہ رفتہ پورا جنگل غائب ہو گیا اور وہاں ایک ویران صحرا نظر آنے لگا۔ وجے سنگھ بھاگ کر اس جگہ پہنچا جہاں گھوڑا بندھا ہوا تھا۔ وجے سنگھ گھوڑے کو ایڑ لگا کر بھرت پور کی طرف چل پڑا۔ گھوڑا زور سے ہنہنایا اور تیز رفتاری سے دوڑنے لگا۔ شہزادہ بہ حفاظت اپنے قصبے میں پہنچ گیا۔

- گروہ میں طلبہ کو باری باری کہانی سنانے کا موقع دیں۔ اس کہانی پر مبنی منظر کو پیش کرنے کی ترغیب دیں۔
- موسیقی پیدا کرنے والے وسائل تلاش کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کریں۔

CG -2
C – 2.2
LO-04AE27

تو بچو، کیسی لگی کہانی؟ اس میں پیش کردہ منظر کو آپ نے غور سے پڑھا؟ اب اس کہانی کو پیش کرتے وقت اس کا منظر بالکل حقیقی محسوس ہونے کے لیے اس میں موجود آواز عملی طور پر نکالنے کی کوشش کریں گے۔ اس سے پہلے کہانی میں آوازوں کی فہرست بنائیے۔

## کہانی میں آوازوں کی فہرست

| | | |
|---|---|---|
| .................................. | .................................. | .................................. |
| .................................. | .................................. | .................................. |
| .................................. | .................................. | .................................. |
| .................................. | .................................. | .................................. |
| .................................. | .................................. | .................................. |

ان تمام آوازوں کو نکالنے/ پیدا کرنے کے لیے کیا کیا استعمال کیا جا سکتا ہے؟ ہم اپنے منہ سے کچھ آوازیں پیدا کرسکتے ہیں۔ ہم ماحول میں موجود چیزوں کو کچھ آوازیں پیدا کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ دیکھیے کہ ہم کون کون سی چیزوں سے یہ آوازیں پیدا کرسکتے ہیں۔ انھیں ایک بیاض میں درج کیجیے۔

گروہ میں ایک طالب علم کہانی کو بلند آواز میں سب کو سنائے گا اور گروہ کے دوسرے لڑکے اور لڑکیاں آس پاس موجود چیزوں کی مدد سے آوازیں پیدا کرکے کہانی کو مزید بہتر بنانے میں تعاون کریں گے۔ یہ مشق کیجیے اور دوستوں کی تجاویز کے مطابق ضروری تبدیلیاں کیجیے۔ آئیے دوبارہ پیش کش کے لیے تیار ہو جائیں۔

اگر ہم ان تمام باتوں کو ذہن میں رکھیں گے تو لوازمات کے ساتھ مشق بہت اچھی ہوگی اور پیش کش آسان اور دلچسپ ہوگی۔

- مختلف قسم کے منظر دے کر گروہ میں کمرۂ جماعت میں پیش کش کرائیں۔ دوسرے بچوں کو اس پر تجاویز اور رائے دینے کے لیے کہیں۔ موصول تجاویز پر عمل کرکے انھیں دوبارہ پیش کرنے کا موقع دیں۔
- پیش کش کے مراحل کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے، گروہ میں مختلف منظر کی انفرادی پیش کش کے مواقع دیں۔

CG – 2
C – 2.1
LO – 04AE27
04AE28
04AE29

## تکنیکی پہلوؤں کا تعارف





جو پیش کرے فن کو، فنکار وہ کہلائے
اسٹیج ہی اب دیکھو، رنگ منچ بن جائے
ناٹک کے اداکاروں کو 'پاتر' ہی کہتے ہیں
دن رات جو محنت اور مشق میں لگے رہتے ہیں
لائٹس کی چمک سے یہ رنگ منچ سج جاتا ہے
لائٹنگ کا یہ جادو، سب کو ہی بھاتا ہے
جیسا ہو کوئی کردار، پوشاک بھی ویسی ہو
کہتے ہیں ویش بھوشا، یہ شانِ تغیر ہو
چہرے پہ سجائیں رنگ، میک اَپ کو جو بیٹھیں گے
'رنگ بھوشا' کہتے ہیں، ناٹک کے پہلو سمجھیں گے
'کیش بھوشا' کا مطلب، بالوں کو سجانا ہے
اور سر پہ کوئی نقلی زلفوں کو لگانا ہے
مکالموں کے پیچھے جو دھیمی سی صدا آئے
بیک گراؤنڈ میوزک سے منظر یہ سچا ہو جائے
اسٹیج پہ ناٹک میں جو چیز بھی لاتے ہیں
'نیپتھیا' کی صورت میں، سب 'پراپس' کہلاتے ہیں
اداکاری کو نکھارتی ہیں یہ سب چیزیں مل جل کر
پہچان گئے ہم اب، تھیٹر کے سبھی ٹیکنکل ہنر

- امول جادھو













ڈرامے میں کون سی تکنیکی چیزیں استعمال ہوتی ہیں اس سے ہمیں متعارف کرایا گیا ہے۔ آہستہ آہستہ ہم ان تمام تکنیکی پہلوؤں کو استعمال کریں گے۔ اب ہم ایک مثال دیکھتے ہیں۔

- تکنیکی پہلوؤں کو شاعری کے ذریعے متعارف کریں۔
- طلبہ کو تکنیکی پہلوؤں کو استعمال کرتے ہوئے پیش کرنے کا موقع دیں۔

CG –3
C – 3.2
LO–04AE34

## منظر

راجو، سلطانہ اور ریٹا میدان میں کھیل رہے تھے۔ کھیلتے کھیلتے انھیں پچاس روپے کا نوٹ ملا۔ سلطانہ نے دونوں کو دکھایا۔ ادھر ادھر دیکھا تو کوئی نظر نہیں آیا۔ اس لیے وہ نہیں جانتے تھے کہ یہ کس کا نوٹ ہے۔ راجو نے کہا، ''اگر کوئی نظر نہیں آرہا ہے، تو مان لو کہ یہ رقم اپنی ہے۔'' اس نے سڑک کے اس پار کسی دکان پر جا کر کھانے کا مشورہ دیا۔ لیکن ریٹا تیار نہیں تھی۔ وہ ڈر گئی تھی۔ سلطانہ نے بھی راجو کو منع کیا۔ ''کسی اور کے پیسے کیوں لیں؟ جو ہمارا نہیں ہے اس پر ہمارا کوئی حق نہیں۔'' اور تینوں نے کلاس ٹیچر کو پیسے دے دیے۔ اگلے دن اسمبلی کے وقت نوٹ کس کا ہے، یہ پوچھا جانے والا تھا اور جو شناخت ثابت کر دیتا وہ نوٹ لے جاتا۔

اس منظر میں چار لوگ ہیں؛ راجو، سلطانہ، ریٹا اور ٹیچر۔ یعنی چار کردار ہیں۔ اب آئیے اس منظر کے کرداروں کے لیے مکالمے بناتے ہیں تاکہ ہم اس منظر کو پیش کر سکیں۔

## مکالمہ

(راجو، سلطانہ اور ریٹا میدان میں کھیل رہے ہیں)

**راجو-** پکڑو، پکڑو، آؤ پکڑو۔

**سلطانہ-** ٹھہرو، تمھیں لگتا کہ میں تمھیں پکڑ نہیں پاؤں گی؟ لیکن اس سے پہلے ریٹا کو آؤٹ کرتی ہوں۔

**ریٹا-** ہاں؟ کیا تم مجھے آؤٹ کر پاؤ گی؟ کر کے تو دکھاؤ۔

**سلطانہ-** ہاں، میں کروں گا، وہ بھی دونوں کو ایک ساتھ!

**راجو-** ارے یہاں آؤ۔ دیکھو مجھے کیا ملا ہے؟

**ریٹا-** کیا بات ہے؟ کیا ملا تمھیں؟

**راجو-** دیکھو یہ کیا ہے؟

**سلطانہ-** اوہو! پچاس روپے کا نوٹ۔

**ریٹا-** یہ کس کا ہے اور یہاں کیوں پڑا ہے؟

**راجو-** میں نہیں جانتا اور آس پاس کوئی بھی نہیں ہے۔ سب بچے بھی کمرۂ جماعت میں جا چکے ہیں۔ تمھارا کیا خیال ہے، ہمیں یہ نوٹ لینا چاہیے اور گلی کے اُس پار کی دکان سے کچھ کھانے کے لیے لانا چاہیے۔

**سلطانہ-** نہیں بابا، ہم کسی اور کے پیسے کیوں لیں؟ ہم ایسی چیز کیوں لیں جس کا ہمیں کوئی حق نہیں؟ میں تمھارے ساتھ نہیں آؤں گی۔

- مکالمے کی بنیاد پر کرداروں، منظر اور اسٹیج کا صحیح استعمال کرنے کے لیے باڈی لینگویج کا استعمال کر کے پیش کش کرائیں۔

CG -3
C – 3.2
LO-04AE33

ریٹا -　سلطانہ صحیح کہتی ہے۔ میں بھی کسی اور کے پیسے سے لیا ہوا کچھ نہیں کھاؤں گی۔

راجو -　اوہ، پھر ہم اس پچاس روپے کا کیا کریں؟

سلطانہ -　آؤ یہ پیسے اپنی ٹیچر کو دے دیں۔

ریٹا -　ہاں آؤ، جماعت میں چلتے ہیں، چلو۔

(تینوں ٹیچر کے پاس جاتے ہیں)

ٹیچر -　کیا ہوا بچو؟ کیوں آئے ہو؟

سلطانہ -　ٹیچر، ہمیں یہ پیسے میدان میں ملے ہیں۔ ہم آپ کو دینے آئے ہیں۔ ٹیچر، ہم نہیں جانتے کہ یہ کس کے پیسے ہیں۔

ٹیچر -　ٹھیک ہے! ہم کل اسمبلی کے وقت تمام بچوں سے پوچھیں گے۔ جس کے پیسے ہوں گے وہ شناخت ثابت کر کے لے جائے گا۔ آپ واقعی ایمان دار بچے ہیں۔ ہمارے اسکول کو آپ جیسے طلبہ پر فخر ہے۔

ہم اسے جماعت میں ہی انجام دے سکتے ہیں، اس لیے ہمیں کمرۂ جماعت میں تھیٹر تیار کرنا ہوگا۔ اس کے لیے ہم میزوں کی ترتیب کو تھوڑا سا تبدیل کریں گے اور تختۂ سیاہ کے سامنے جگہ خالی کریں گے تاکہ کرداروں کو چلنے پھرنے اور آنے جانے کی جگہ ملے۔ ہم بچوں کے جسموں سے پردہ بنائیں گے۔ جب پردے کو بازو میں لے جایا جائے گا تو بچے بائیں اور دائیں طرف جائیں گے اور پیش کش کی جا سکے گی۔

## قدرتی روشنی کی منصوبہ بندی

ہم نے کہانی کا انتخاب کیا ہے۔ ہم نے اس پر مکالمے بنائے۔ ہم نے اس میں کرداروں کا انتخاب کیا اور مشق شروع کی۔ ہم نے اسے مناسب موسیقی دینے کے لیے لوازمات بھی منتخب کیے۔ اب ہم نے کرداروں کو مناسب پوشاک پہنا کر مشق شروع کر دی ہے۔ ہم نے اپنے دوستوں کی تجویز کردہ اصلاحات کے مطابق کچھ تبدیلیاں کی ہیں اور اب ہم نے کمرۂ جماعت میں اپنا تھیٹر بنا لیا ہے اور اس کی مشق شروع کر دی ہے۔ لیکن اگر ہم اپنے ڈرامے میں یا اس منظر میں رات، صبح اور دوپہر کا وقت دکھانا چاہتے ہیں تو کیا کریں گے؟ آئیے اس کے لیے ایک تدبیر کرتے ہیں۔

رات دکھانے کے لیے کمرۂ جماعت کے دروازے اور کھڑکیاں بند کر دیجیے۔ اس طرح اندھیرا ہو جائے گا اور رات نظر آئے گی۔

دروازے اور کھڑکیاں دھیرے دھیرے کھولیں گے تو سحر ہو جائے گی۔

جب روشنی پوری طرح اندر آئے گی تو صبح ہو گی۔

پھر آہستہ آہستہ دروازے اور کھڑکیاں اسی طرح بند کر دیں، یہاں تک کہ آپ کے کھیل میں رات ہو جائے۔

- پیش کش میں انسانی جسموں کا صحیح استعمال کرائیں۔
- اسٹیج پر قدرتی روشنی کے لیے کمرۂ جماعت میں دروازوں اور کھڑکیوں کے استعمال کے بارے میں طلبہ کو معلومات دیں۔
- مکمل پیش کش کرنے کے لیے درسی کتاب سے کوئی منظر منتخب کرنے کا موقع دیں۔

CG -3/4
C - 3.2/4.1
LO-04AE33/34 /35/36

## یاد رکھیں

### بلیک آؤٹ

ڈرامے کے دو مناظر کے درمیان چند سیکنڈ کے لیے اندھیرا کیا جاتا ہے اور پھر اسٹیج دوبارہ روشن ہوتا ہے اور اگلا منظر شروع ہوتا ہے۔ درمیان کے اس اندھیرے کے وقت کو ڈرامے کی زبان میں 'بلیک آؤٹ' کہا جاتا ہے۔



## میرا عمل

- درسی کتاب سے ایک منظر کا انتخاب کیجیے اور اس پر مبنی مکالمہ تیار کیجیے۔ ضروری لوازمات، پوشاک، آواز اور روشنی کا استعمال کر کے گروہ میں پیش کش کیجیے۔


موسیقی

# ۹۔ آیئے سب مل کر گائیں

ہماری روزمرہ زندگی میں ہم کئی طرح کی موسیقی سنتے ہیں۔ جیسے اسکول میں اسمبلی پڑھنا، قومی ترانہ گانا یا ڈھول بجانا۔ ہم ایسے ہی کچھ خوب صورت گیتوں کی معلومات حاصل کریں گے۔ تو آیئے سب مل کر گاتے ہیں، ناچتے ہیں اور لطف اندوز ہوتے ہیں!

## سرسوتی وندنا

بھارتی ثقافت میں اہلِ وطن دیوی سرسوتی کو نہ صرف علم کی بلکہ تمام فنون لطیفہ کی بھی ماں سمجھا جاتا ہے۔ آیئے اس سرسوتی دعا کو سمجھتے ہیں۔

नमस्ते शारदे देवी, सरस्वती मति प्रदे।
वस त्वं मम जिव्हाग्रे, सर्व विद्या प्रदाभव॥

(مفہوم): دیوی سرسوتی، جو علم اور حکمت عطا کرتی ہے، اسے سلام۔ جو زبان کی نوک پر رہتی ہے۔ اور ہر طرح کا علم عطا کرتی ہے۔

नमस्ते शारदे देवी, वीणापुस्तक धारिणी।
विद्यारंभं करिष्यामि, प्रसन्ना भव सर्वदा॥

(مفہوم) : دیوی شاردا، جو اپنے ہاتھ میں وینا اور کتاب رکھتی ہے، اسے سلام۔ اب اپنی پڑھائی شروع ہوا چاہتی ہے۔ اس لیے تو ہمیشہ خوش رہ۔



CG – 1
C – 1.1
LO–04AE40

- لے اور سر کے ساتھ معنی و مطلب سمجھائیں۔
- طلبہ اس کا مطلب سمجھنے میں حصہ لیتے ہیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

## حب الوطنی کا گیت

حب الوطنی کے گیت ہمارے اندر حب الوطنی، ہمت اور فرض شناسی کو بیدار کرنے کے لیے گائے جاتے ہیں۔ تو آیئے ایسے حب الوطنی کے گیت سنیں اور تالیوں کی مدد سے انھیں تال میں گائیں۔



### اٹھو، قومی ہیرو بنو

اٹھو، قومی ہیرو بنو،
تیار ہو جاؤ، اٹھو،
مسلح ہو جاؤ، اٹھو،
اٹھو، قومی ہیرو بنو۔
آج جنگ چھڑ گئی ہے،
سپاہی ایک ساتھ آگے بڑھے ہیں،
آیئے ایک دم سے تمام دشمنوں کو کھا جائیں،
آیئے ایک ہو کر لڑیں، آیئے لڑیں، آیئے اٹھیں،
آیئے اٹھیں، آیئے اٹھ کھڑے ہوں۔
ہوا کا بیٹا بنو، بھاسکر کو اپنی مٹھی میں پکڑو،
ہم بھی آگستی پیتے ہیں، ہم سمندر بن جاتے ہیں،
ہم رام کرشن بن جاتے ہیں، مضبوط بنتے ہیں،
ہم اٹھتے ہیں، ہم اٹھتے ہیں۔
آیئے آج چندر گپت کی بہادری کو یاد کریں،
آیئے شیواجی کی بہادری کو اپنی رگوں میں محفوظ رکھیں،
آیئے ہم اس بڑی روایت کے اٹوٹ انگ کو جاری رکھیں،
یگن کنڈ جل رہا ہے، اس میں شریر دشمن جل رہے ہیں۔
خدا کی زمین ناقابلِ تسخیر ہے،
میں یہ دنیا کو دکھاؤں گا، چلو اُٹھو، اُٹھو چلو۔

شاعر - رویندر بھٹ

- لے اور سر میں حب الوطنی کا گروہی گیت گانے کے لیے کہیں۔
- قومی اتحاد کی اہمیت بیان کریں۔
- تالیاں بجا کر ساتھ دینے اور گانے کے لیے کہیں۔
- پہلے صفحہ پر QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG – 1
C – 1.1/1.2
LO–04AE41
/42

## فطرت کا گیت

بارش میں بھیگنا کس کس کو پسند ہے؟ بارش کے بعد جب ہم میں ولولہ پیدا ہوتا ہے تو اس وقت ہم کیا کرتے ہیں؟ آیئے آج اداکاری کے ساتھ بارش پر مبنی یہ گیت گاتے ہیں۔

### بارش آئی

بادل گرجا بارش آئی ٹپ ٹپ ٹپ ٹپ
ہم بچوں نے دھوم مچائی تھپ تھپ تھپ تھپ

تیز ہوئی جب بارش، برسی چھم چھم چھم چھم
کھیلیں اور آنگن میں نہائیں سب بچے اور ہم

بادل ٹوٹ کے برسے، نالے بہنے لگے بھل بھل
سڑکیں، گلیاں اور میدان بھی ہوگئے سب جل تھل

بارش نے کھیتوں کھلیانوں کو سیراب کیا
سڑکوں اور میدانوں کو بھی زیر آب کیا

بارش میں جب بھیگی بلی، بولی میاؤں میاؤں
خشک کیا تب بھی بولی میاؤں میاؤں میاؤں میاؤں



- اداکاری کے ساتھ گانے کی مشق کرائیں۔
- سب کی شرکت سے گیت کو اداکاری کے ساتھ ساتھ لے اور سر میں بھی پیش کش کرائیں۔
- پہلے صفحے پر QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG – 1
C – 1.1
04AE40/ 41

آیئے کچھ اور مانوس گانے گاتے ہیں۔

## دعا

مجھے دے الٰہی ! تو وہ زندگی        کروں میں ہر اِک پل تری بندگی
مجھے نیک اطوار و دانا بنا        مجھے نیک رستے پہ چلنا سکھا
مجھے علم و حکمت کی دولت ملے        سخاوت ملے اور عزّت ملے
غریبوں کا خادم بنا دے مجھے        خطاؤں پہ نادم بنا دے مجھے
الٰہی ! وطن میرا آباد رکھ        وطن کے مکینوں کو دِل شاد رکھ
مجھے دینِ حق کا سپاہی بنا
مجھے نیک راہوں کا راہی بنا



- مختلف قسم کے گیت سنائیں اور ان میں فرق بتائیں۔
- مختلف گانوں کی مشق کرائیں اور سب کو پیش کش کا موقع دیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG – 1
C – 1.1
LO–04AE40

## بچوں کا گیت - اسکول کو چمکائیں گے ہم



بستہ اپنا صاف رکھیں اور صاف رکھیں گے باغ
اسکول کو چمکائیں گے ہم، لگنے نہ دیں گے داغ
کلاس میں نہ پھینکیں کاغذ ، کچرا ہو یا دھول
صفائی سے ہی خوب صورت لگتے ہیں اسکول
آؤ مل کر عہد یہ کر لیں، صاف رکھیں ہم ہر گلی
پاکیزگی ہے نصف ایماں، سچی بات یہ بھلی
پانی کا بھی دھیان رکھیں، صابن سے ہاتھ دھوئیں
جیسے باغ ہو پھولوں کا، ویسے ہی ہم ہو لیں

## ابھنگ



वृक्षवल्ली आम्हा सोयरी वनचरे। पक्षी ही सुस्वरे आळविती॥ ध्रृ ॥
येणे सुखे रुचे एकांताचा वास। नाही गुणदोष अंगा येत ॥१॥
आकाश मंडप पृथ्वी आसन। रमे तेथे मन क्रीडा करी॥२॥
कंथा, कमंडलू देह उपचारा, जाणवितो वारा अवसरु॥३॥
हरिकथा भोजन परवडी विस्तार। करोनि प्रकार सेवु रुची॥४॥
तुका म्हणे होय मनासी संवाद। आपुलाचि वाद आपणासी॥५॥

– संत तुकाराम

جنگل کے سب پیڑ ہمارے، جیسے اپنے یار ہیں — میٹھے سر میں گاتے پنچھی ، دل کے غم گسار ہیں
ان کی صحبت میں دل پائے راحت، اِنس و پیار — عیب نہ چمٹے، وصف ہی پھوٹے، نکھرے ہر کردار
آسمان ہو چھت ہماری، دھرتی ہو آرام گاہ — ایسے دل کو لطف ملے پھر ، حق کی سیدھی راہ
سادہ چادر، آب کا لوٹا، جسم کا سب آرام — ٹھنڈی، میٹھی چلتی ہوا دے، راحت کے سب کام
ذکرِ حق ہی رزق ہمارا، لطف اسی میں پائیں — ہر مخلوق کی خدمت کر کے ، رب کی رضا کمائیں
تُکا کہتا ، دل سے اپنے ، بات یہی ہر بار — اپنے من کو آپ سنبھالو، یہی ہے اصل و قار

**گیت کی مختلف قسموں کے موضوع پر گروہی بات چیت کیجیے اور ان میں فرق پہچانیے۔**

CG –1/2
C – 1.1/2.2
LO–04AE40/45

- گیت میں آواز کا اُتار- چڑھاؤ کیسا ہوتا ہے، اس بارے میں طلبہ سے بات چیت کریں۔
- یہ ترجمہ اصل مراٹھی ابھنگ کے مفہوم، روح اور گیت کی روانی کو برقرار رکھتے ہوئے اُردو شاعری کے انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ پڑھنے اور ترنم سے سنانے میں خوش آہنگ محسوس ہو۔

# میرا عمل

۱) سبق کے طور پر پڑھے ہوئے گیت کی اقسام کے نام لکھیے۔

الف۔ .................................. ب۔ .................................. ج۔ ..................................

د۔ .................................. ہ۔ .................................. و۔ ..................................

۲) اپنا پسندیدہ گیت لکھیے۔

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

- گیت کی مختلف اقسام کے بارے میں معلومات دیں اور گروہ میں اس کے بارے میں بات چیت کرائیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –2
C – 2.2
LO – 04AE
45

مفت تقسیم کے لیے



# ۱۰۔ انفرادی، جگل بندی اور گروہی گیت



تصویر میں گانے کی قسم کی شناخت کیجیے۔



جب ہم تنہا گاتے ہیں تو اسے 'انفرادی گیت' کہا جاتا ہے لیکن جب دو لوگ گاتے ہیں تو اسے 'جگل بندی' کہا جاتا ہے۔

آیئے کچھ ایسے ہی انفرادی اور جگل بندی گیتوں سے لطف اندوز ہوں!

## انفرادی گیت



آؤ آؤ سیر کو جائیں — باغ میں جا کر شور مچائیں
اچھلیں کودیں ناچیں گائیں — آؤ، آؤ ! سیر کو جائیں
کشتیاں لے کر کچھ کاغذ کی — کوئی بڑی اور کوئی چھوٹی
ایک کے پیچھے ایک بہائیں — آؤ، آؤ ! سیر کو جائیں
پتی لے کر اک پیپل کی — بنسی ایک بنائیں ہلکی
ناچیں گائیں اور بجائیں — آؤ، آؤ ! سیر کو جائیں
موہن باغ میں پہنچا ہوگا — راہ ہماری تکتا ہوگا
حامد کو بھی ساتھ ملائیں — آؤ ، آؤ ! سیر کو جائیں
پیڑ پہ کوئل گاتی ہوگی — میٹھے بول سناتی ہوگی
ہم بھی اپنا گیت سنائیں — آؤ ، آؤ ! سیر کو جائیں
آنکھ مچولی دن بھر کھیلیں — مل کر دوڑیں مل کر کھیلیں
صبح کے نکلے شام کو آئیں — آؤ، آؤ ! سیر کو جائیں

– صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

**یاد رکھیں:**

تنہا گائے ہوئے گیت کو '**انفرادی گیت**' کہتے ہیں اور دو لوگوں کے گائے ہوئے گیت کو '**جگل بندی گیت**' کہتے ہیں۔

- انفرادی اور جگل بندی گیتوں کے بارے میں طلبہ سے بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –2
C – 2.1
LO–04AE43

## انفرادی گیت

### سورج، چاند، ستارے



سورج اور یہ چاند ستارے
کتنے ہیں یہ پیارے پیارے

چمکیلے اور روشن روشن
اُجلے اجلے ان کے نظارے

دور بھگائیں اندھیاروں کو
رات کو جب روشن ہوں سارے

ان کے دم سے راتیں منوّر
دن کو بکھیرے روشن دھارے

ان کی بدولت ساری رونق
یہ تو ہیں روشن منارے

تارے ہیں راتوں کے راہی
سورج سے ہیں دن اُجیارے

### انفرادی گیت کی مثالیں -

۱) پرندے کی فریاد
۲) ہماری گائے
۳) برسات
۴) گرمی

CG –1/2
C – 1.1/2.1
LO–04AE41
/43

- تالی کی مدد سے تال میں انفرادی گیت کی مشق کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سُر میں مشق کرائیں۔

## جنگل بندی- پہاڑ اور گلہری



کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے!
ذرا سی چیز ہے اس پر غرور ! کیا کہنا!
یہ عقل اور یہ سمجھ یہ شعور! کیا کہنا
خدا کی شان ہے ناچیز چیز بن بیٹھیں !
جو بے شعور ہوں یوں باتمیز بن بیٹھیں
تری بساط ہے کیا میری شان کے آگے
زمیں ہے پست مری آن بان کے آگے
جو بات مجھ میں ہے تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں جانور غریب کہاں
کہا یہ سن کے گلہری نے منہ سنبھال ذرا !
یہ کچی باتیں ہیں دل سے انھیں نکال ذرا
جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پروا
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا
ہر ایک چیز ہے پیدا خدا کی قدرت سے
کوئی بڑا کوئی چھوٹا ہے اس کی حکمت سے
بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اس نے
مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اس نے
قدم اُٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں
نِری بڑائی ہے ! خوبی ہے اور کیا تجھ میں
جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو
یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو
نہیں ہے چیز نکمّی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

- جنگل بندی گیت کی مشق کرائیں اور اس کی پیش کش کرائیں۔
- طلبہ کے ساتھ جنگل بندی کے موضوع پر بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں اس کی مشق کرائیں۔

CG –2
C – 2.1/2.2
LO – 04AE44/45

## جگل بندی گیت

**بچہ :**

مدد کر اے ندی میری ، بہت غم کا ستایا ہوں
میں ترے پاس چھوٹی سی گزارش لے کر آیا ہوں
مری باجی کے گجروں کو گلابوں کی ضرورت تھی
مری امّی کو پھؤلوں سے بڑی گہری محبّت تھی
مرے دِل نے بھی چاہا تھا، کِھلیں کلیاں تو میں لے لؤں
محبت سے انھیں چؤمؤں ، اُنھی کے درمیاں کھیلؤں
اِسی اُمید پہ کیا کیا نہ کیں تیاریاں میں نے
زمیں کھودی ، بنائیں خوب صؤرت کیاریاں میں نے
انھیں پانی کی حاجت ہے ، ندی پانی عطا کردے
یہ پیلے ہوگئے ، رنگت اِنھیں دھانی عطا کردے

**ندی :**

میاں مُنّے نہ گھبراؤ ، نہ ہارو حوصلہ بیٹے
تمھاری مشکلیں آسان کردے گا خدا بیٹے
کرو ہرگز نہ جی چھوٹا ، گنواؤ مت قرار اپنا
تمھارے ساتھ ہوں ، سمجھو مجھے خدمت گُزار اپنا
زمیں کھودو ، بناؤ نہر ، مجھ کو لے چلو پیارے
تمھاری کیاریوں کو سبز کردیں گے مرے دھارے
برس اُٹھے گا چھم چھم چھم چھما چھم ہر طرف پانی
لہک اُٹھے گی دھرتی ، ختم ہوجائے گی ویرانی
تمھارے نیم جاں پودوں میں جان آجائے گی بیٹے
تمھارے گھر میں باغیچے کی شان آجائے گی بیٹے



### جگل بندی گیتوں کی مثالیں:

۱) اپنا دیش
۲) تیری محفل میں قسمت آزما کر ہم بھی دیکھیں گے
۳) کچھوا اور خرگوش
۴) کل کے شاعر

CG –1/2
C – 1.1/2.1
LO–04AE40
/44

- تال میں جگل بندی گیت کی مشق کرائیں اور پیش کش کرائیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

## اجتماعی گیت

ہم اسکول میں اسمبلی کے دوران روزانہ دعائیں، راشٹر گیت اور راجیہ گیت گاتے ہیں۔ اس وقت ہم سب ایک آواز میں، تال میں گاتے ہیں، ٹھیک ہے؟

تین یا تین سے زیادہ لوگوں کے ساتھ مل کر گایا جانے والا گیت 'اجتماعی گیت' کہلاتا ہے۔ اجتماعی گیت تعاون کے احساس کو بڑھاتے ہیں اور خود اعتمادی بڑھاتے ہیں۔ تو آئیے کچھ اجتماعی گیتوں سے لطف اندوز ہوں۔

## بچوں کا ترانہ



شیر ہیں ، چلتے ہیں درّاتے ہوئے
بادلوں کی طرح منڈلاتے ہوئے
عزم کے پرچم کو لہراتے ہوئے
زندگی کی راگنی گاتے ہوئے
مادرِ ہندوستاں کی آن ہیں
دانش و علم و عمل کی شان ہیں
امن اور انسانیت کی جان ہیں
آنے والے دَور کی پہچان ہیں
دھمکیوں سے خوف کب کھاتے ہیں ہم
بے خطر سچ بات کہہ جاتے ہیں ہم
کب کسی مشکل سے گھبراتے ہیں ہم
آندھیوں سے بڑھ کے لڑ جاتے ہیں ہم
راستی سے بے رُخی کرتے نہیں
راہِ باطل میں قدم دھرتے نہیں
ہم وہ ہیں جو موت سے ڈرتے نہیں
ہم وہ ہیں جو مر کے بھی مرتے نہیں
دیکھنا جب ہم جواں ہوجائیں گے
اس وطن کے پاسباں ہوجائیں گے
ہم امیرِ کارواں ہوجائیں گے
اور زمیں سے آسماں ہوجائیں گے

- اجتماعی گیت کے بارے میں بات چیت کریں۔
- مختلف اجتماعی گیتوں کو لے اور سر میں گانے کے لیے کہیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –2
C – 2.1
LO–04AE44

# میرا عمل

۱) اپنی پسند کے انفرادی گیتوں کی فہرست بنائیے۔ اپنے پسندیدہ گیت کی مشق کیجیے اور اسے کلاس میں پیش کیجیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

۲) اپنا پسندیدہ جگل بندی گیت لکھیے۔ اپنے ہم جماعتوں کی مدد سے جگل بندی گیت کی مشق کیجیے اور اسے لے اور سر میں پیش کیجیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................



# ۱۱۔ روایتی گیت



لوگوں کی طرف سے لوگوں کے لیے تخلیق کردہ موسیقی لوک سنگیت ہے۔



دے داتا کے نام تجھ کو اللہ رکھے



دنیا میں کوئی خاص نہ کوئی عام رہے گا



یہ سنسار ہمارا ہے



ٹوٹے تیرے جال مچھیرے
ٹوٹے تیرے جال



چرواہا بھیڑوں کو لے کر
گھر گھر آیا رات ہوئی

## کمرۂ جماعت میں درج ذیل سوالوں پر بات چیت کیجیے۔

کیا آپ نے گیت کی مذکورہ قسم سنی ہے؟ آپ نے انھیں کس موقع پر سنا ہے؟ درج بالا گیتوں میں کون سے ساز بجائے جاتے ہیں؟ آپ کے گاؤں میں کون سے تہوار-تقریب منائے جاتے ہیں؟ ان میں کون کون سے گیت گائے جاتے ہیں؟

آج ہم ایسے ہی کچھ گیت متعارف کرانے جا رہے ہیں۔ ہمارے گاؤں میں تہوار-تقریب میں یا خوشی کے موقعوں پر گائے جانے والے گیت کو لوک سنگیت کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر فقیروں کی صدائیں، کسانوں، مچھیروں کے گیت وغیرہ۔

- لوک سنگیت کے بارے میں تفصیلی معلومات دیں اور اس پر بات چیت کریں۔
- لوک گیتوں میں لوگوں کی زندگی اور ثقافت پر بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG -4
C - 4.1/4.2
LO-04AE51/53

## مچھیروں کا گیت

ساحل کے چمکیلے پتھر چنتے بچپن بیتا
کشتی کی پتوار چلاتے باقی جیون بیتا
کاٹ دیں کتنی ہی برساتیں کھولے گیلے بال
مچھیرے کھولے گیلے بال

نیلی نیلی گہرائی سے جیون امرت لایا
تپتی ریت پہ اکثر تو نے بھیگا جال سُکھایا
تیری چالاکی نے کھنگالا ساگر اور پاتال
مچھیرے ساگر اور پاتال



### کیا آپ جانتے ہیں؟

کوکن میں بنیادی طور پر مختلف تہواروں کے آغاز میں رقص کے ذریعے بھجن پیش کیا جاتا ہے۔ اسے جاکھڑی رقص کہتے ہیں۔ رقاصوں کے گروپ کے درمیان، ڈھولک، مردنگ، جھانجھ بجانے والے اور گلوکار بیٹھتے ہیں۔

**رقاص (لڑکیاں) :** سازندوں اور گلوکار کے اردگرد لڑکیاں (رقاصہ) اپنے پیروں میں گھنگھرو باندھ کر دائروی شکل میں رقص کرتی ہیں۔

- رقص کے لیے جو لوازمات درکار ہیں وہ بتائیں اور ان کی معلومات دیں۔
- کوکن کے مختلف تہواروں پر بات چیت کریں اور تہوار کے دوران جاکھڑی رقص اور گانے میں بجائے جانے والے سازوں پر بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –4
C – 4.1/4.2
LO–04AE51
/52/53

گوندھل گیت بھی مہاراشٹر کا ایک قدیم مقبولِ عام فن ہے۔ گوندھل گیت عموماً مراٹھی ادب میں مذہبی موضوعات پر ہوتے ہیں۔

گوندھل گیت میں بنیادی طور پر ہارمونیم، طنطنہ، سنبل، تال، جھانجھ، اور دمڈی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

## ماہی گیروں کا گیت



محنت سے کیا شرمانا ہے ، ساتھی رے
طوفانوں سے ٹکرانا ہے ، ساتھی رے
شام ہوئی اب گھر جانا ہے ، ساتھی رے
ہیّا ہیّا ، چل ری نیّا ، ہیّا ہیّا
ان ہاتھوں کو ہم پتوار بنائیں گے
ساگر کی لہروں پر گاتے جائیں گے
کل پھر آئیں گے ، ہاں کل پھر آئیں گے
ہیّا ہیّا ، چل ری نیّا ، ہیّا ہیّا
تیز کرو رفتار ، کنارا دور نہیں
خوش ہو جاؤ یار ، کنارا دور نہیں
ہم اُتریں گے پار ، کنارا دور نہیں
ہیّا ہیّا ، چل ری نیّا ، ہیّا ہیّا

ماہی گیروں کے گیت کے لیے ڈھولکی، گھنگرو، ہارمونیم، جھانجھ جیسے سازوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

کوکن کے کولی سماج کے لوگ تہوار-تقریب کے موقعوں پر یہ گیت اپنی بولی میں گاتے ہیں۔

CG –4
C – 4.1/4.2
LO–04AE51
/52/53

- درج بالا گیتوں پر بات چیت کرائیں۔
- لوک گیتوں کی مختلف اقسام پر بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

فقیروں کے گیت کی ہماری ریاست میں ایک بہت قدیم روایت ہے۔ یہ روایت بنیادی طور پر سماجی روشن خیالی اور عقیدت پھیلانے کے لیے مشہور ہے۔



## فقیروں کا گیت - رہے نام اللہ کا

دنیا میں کوئی خاص نہ کوئی عام رہے گا
نہ صاحب مقدور نہ ناکام رہے گا
زردار ، نہ بے زر ، نہ بد انجام رہے گا
شادی نہ غمِ گردشِ ایام رہے گا
نہ عیش ، نہ دکھ درد ، نہ آرام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا
اب دل میں بڑے اپنے جو کہلاتے ہیں عیار
سو مکر و دغا کرتے ہی اک آن میں تیار
جب آ کے فنا ڈالے گی سر کے اُپر اک وار
اک وار کے لگتے ہی ہوجاویں گے سب پار
نے مکر ، نہ حیلہ ، نہ کوئی دام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

فقیروں کے گیت کے لیے خاص طور پر دف، چمٹا اور ہاتھوں میں گھنگھرو وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

- دستیاب مواد کا استعمال کرتے ہوئے سبق آموز گیت تلاش کر کے گائیں۔

- فقیروں کے گیت کے بارے میں معلومات دیں۔
- لوک گیتوں کی اقسام پر بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –3/4
C – 3.1/4.2
LO–04AE48 / 52/53

مراٹھی زبان میں لوک گیت کی ایک اور مقبول شکل بھاروڈ ہے۔ بھاروڈ کے ذریعے معاشرے میں پھیلی توہم پرستی، نجومیوں کے انکشافات جیسے مسائل سے بچانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔

**भारूड**

(चाल– या शेजारणीनं बरं नाही केलं गं बया..)
ह्या शाळेमंदी शिकलो आम्ही बया।
या शाळेनं मला मोठं केलं बया॥
शिकू या सारे शिकू या
लिहा वाचाया! शिकू या!
ज्ञानाच्या वाटेवर आपण सारे चालू या ॥१॥
शाळेत खेळू, शिकू, अन् बागडू या
वाचन, लेखन सारं हास–हासत शिकू या ॥२॥
ज्ञान हेच खरे धन आहे
हे साऱ्यांना समजून सांगू या।
सुंदर आपुला देश घडवू
पुढे पुढे जाऊ या, हुशार होऊ या,
मोठे मोठे होऊ या .... ॥३॥



بھاروڈ کے لیے
ہارمونیم، مردنگ، ٹال،
ڈھولکی وغیرہ استعمال
ہوتے ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سنت ایکناتھ مہاراج نے سولھویں صدی میں مراٹھی صنفِ شاعری 'بھاروڈ' کو حقیقی مقبولیت دلائی اور اس کے ذریعے سماجی روشن خیالی پر کام کیا۔

CG –4
C – 4.2
LO–04AE52

- طلبہ کے ساتھ صنف شاعری بھاروڈ گیت پر بات چیت کریں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

## لوک سنگیت کے سازوں کا تعارف



ڈھول



ڈھولکی



جھانج



تارپا



دف



لیزم



سنبل



طنطنہ



چپلیا



کھنجری

تصویر کے ساز آپ نے کس لوک گیت میں دیکھے ہیں؟ آپ نے ان میں سے کس کس کی آوازیں سنی ہیں؟ بات چیت کیجیے۔

**نیچے دی ہوئی تصویروں میں نظر آنے والے سازوں کا مشاہدہ کیجیے اور سازوں کے صحیح نام لکھیے۔**



..............



..............



..............



..............



..............

CG – 3
C – 3.2
LO–04AE 49

- تصویر میں موجود سازوں کے بارے میں معلومات دیں اور ان کی آوازیں سنائیں۔
- مذکورہ ساز کون کون سے گیتوں کی اقسام میں بجائے جاتے ہیں، اس پر بحث کرائیں۔

# میرا عمل

۱) لوک سنگیت میں استعمال ہونے والے سازوں کے نام لکھیے۔




۲) علاقے میں گایا جانے والا پسندیدہ لوک گیت لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

۳) درج ذیل لوک سنگیت میں کون سے ساز استعمال ہوتے ہیں، لکھیے۔

الف) ابھنگ-بھجن : ..........................................................................

ب) پوواڑا : ..........................................................................

ج) بھاروڈ : ..........................................................................

د) فقیر کے گیت : ..........................................................................

- لوک سنگیت کے سازوں پر بات چیت کریں اور ان کے نام بتائیں۔
- ان سے کوئی پسندیدہ لوک گیت لکھنے کے لیے کہیں۔

CG –3
C – 3.2
LO– 04AE49



# ۱۲۔ سُروں کا سلسلہ



فطرت میں مختلف آوازوں اور سُروں سے بھرا ہوا ایک بڑا نقار خانہ ہے۔ ہم ماحول میں مختلف آوازیں سنتے ہیں۔ مثلاً پرندوں کا چہکار، جانوروں کی آواز، بارش کی آواز، بہتے پانی کی آواز، پتوں کی سرسراہٹ وغیرہ۔

**درج ذیل تصویروں میں قدرتی آواز اور انسان کی پیدا کردہ آواز کون کون سی ہیں، بتائیے اور لکھیے۔**








........... ........... ........... ........... ........... ...........

اس کے علاوہ آپ کی ماحول میں سنی ہوئی کون سی آواز میٹھی لگتی ہے اور کون سی آواز کرخت لگتی ہے، جدول میں لکھیے۔

| میٹھی آواز | کرخت آواز |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

درج بالا میں سے آپ کی پسندیدہ آواز کی نقل اُتاریے۔

**یاد رکھیں :**

اپنے ماحول میں سنی ہوئی آوازوں میں سے کئی آوازیں موسیقی کی سروں سے ہم آہنگ ہوتی ہیں۔ جو آواز کان کو میٹھی محسوس ہوتا ہے اور اس کی تکرار مسلسل جاری رہتی ہے، اسے **'مفیدِ موسیقی سُر'** کہتے ہیں۔

## مفیدِ موسیقی سُر

شنکھ کا سُر، گھنٹے کی گرج، بانسری بجانا اور ڈھول تاشا مفیدِ موسیقی سُر ہیں۔ اس کے علاوہ مزید کون کون سے سُر موسیقی میں استعمال کیے جاتے ہیں یا استعمال کیے جاسکتے ہیں، اس کی فہرست بنا کر اس پر بات چیت کیجیے۔

- میٹھی آواز اور کرخت آواز کے موضوع پر بات چیت کریں۔
- طلبہ کو مختلف آوازوں کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔
- مفیدِ موسیقی سروں کی مثالیں بتا کر بات چیت کریں۔

CG –3/4
C – 3.1/4.1
LO–04AE47/50

## سُراورسُروں کی قسمیں

**یادرکھیں:** وہ آوازیں جو کان کو میٹھی لگتی ہیں اور جن میں ایک مخصوص کپکپاہٹ کی شرح ہوتی ہے انھیں 'سُر' کہتے ہیں۔

آپ اَ، آ ، اِ، ای حرفوں کو جانتے ہیں۔ جس طرح اُردو لکھنے اور پڑھنے کے لیے حروفِ تہجی کی ضرورت ہوتی ہے، اسی طرح موسیقی میں سات سُر ہوتے ہیں، جنھیں 'سپتک' کہا جاتا ہے۔

**سا رے گ مَ پ دَھ نی**

موسیقی میں سات سُروں کے ساتھ ساتھ پانچ اور سُر پائے جاتے ہیں۔

**سُروں کی قسمیں - سُر کی تین قسمیں ہیں۔**

۱) اصل سات سروں کو 'خالص سُر' کہا جاتا ہے۔ سا رے گ مَ پ دَھ نی

۲) وہ سر جو اصل مقام سے آدھے لہجے میں گائے جاتے ہیں انھیں 'کومل سُر' کہا جاتا ہے۔ کومل سُر لکھتے وقت سُر کے نیچے ایک افقی لکیر '__' دی جاتی ہے۔ رے گ دَھ نِ

۳) وہ سُر جو اصل مقام سے آدھے لہجے میں گائے جاتے ہیں انھیں 'تیز سُر' کہا جاتا ہے۔ تیز سُروں کی شناخت کے لیے سُر کے اوپر ایک عمودی لکیر دی جاتی ہے۔ مؐ

**سات خالص + چار کومل + ایک تیز سُر مل کر = بارہ سُر بنتے ہیں۔**

خالص، کومل اور تیز ۱۲ سُروں کی ترتیب اس طرح ہے:

| سا | رے | رے | گ | گ | م | 'م | پ | دھ | دھ | نِ | نِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خالص | کومل | خالص | کومل | خالص | خالص | تیز | خالص | کومل | خالص | کومل | خالص |

## سُرالنکار

**سُروں کی باقاعدہ ترتیب کو 'سُرالنکار' کہتے ہیں۔**

درج ذیل خالص سُرالنکار کی مشق کیجیے۔

۱) **سُروں کی چڑھتی ترتیب آروہ** - سارے گ ، رے گ م، گ م پ، م پ دھ، پ دھ نِ، دھ نِ ساں

سُروں کی اُترتی ترتیب اوروہ - ساں نِ دھ ، نِ دھ پ ، دھ پ م، پ م گ، م گ رے، گ رے سا

۲) **آروہ** - سا رے گ م ، رے گ م پ ، گ م پ دھ ، م پ دھ نِ ، پ دھ نِ ساں

**اوروہ** - ساں نِ دھ پ ، نِ دھ پ م ، دھ پ م گ ، پ م گ رے ، م گ رے سا

اس طرح مزید مختلف قسم کے سروں کی باقاعدہ ترتیب بنا کر النکار تیار کیجیے۔

- سروں کی چڑھتی اور اُترتی ترتیب پر بات چیت کریں۔
- سروں اور سروں کی اقسام میں فرق بتائیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –2
C – 2.2
LO–
04AE46

**یاد رکھیں:**

موسیقی میں 'سپتک' کو مکمل کرنے کے لیے تار سپتک میں 'ساں' استعمال کیا جاتا ہے۔

سا اور پَ - غیر دباؤ والے سر (کوئی علامت نہیں)۔

رے گ دھ نِ - سُر کے نیچے ایک لکیر کا مطلب ہے کومل سُر۔

مَ - سُر کے اوپر کھڑی لکیر کا مطلب ہے تیز سُر۔

## میرا عمل

**الف)** خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

۱۔ ........................ نرم سُر ہیں۔

۲۔ ........................ تیز سُر ہے۔

۳۔ موسیقی میں ........................ خالص سُر ہیں۔

**ب)** النکار کو مکمل کیجیے اور لے میں گانے کی مشق کیجیے۔

۱۔ آروہ - سا رے گ ، رے گ م ، ........................................................................

اوروہ - ساں نِ دھ ، نِ دھ پ ، ........................................................................

۲۔ آروہ- سا رے گ م ، رے گ م پ ، ........................................................................

اوروہ - ساں نِ دھ پ ، نِ دھ پ م ، ........................................................................

**ج)** سُروں کی اقسام لکھیے۔

۱۔ ........................ ۲۔ ........................ ۳۔ ........................

**د)** نیچے خانوں میں دیے ہوئے بارہ سُروں کو مکمل کیجیے۔

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سا | | رے | | گ | م | | پ | دھ | | | نِ |

- النکاروں کی مشق کرائیں۔
- دستیاب وسائل یا ہارمونیم ایپ کا استعمال کر کے النکاروں کی مشق کرائیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –2
C – 2.2
LO–04AE46



# ۱۳۔ آیئے تال برقرار رکھیں



ہمارے پیر لاشعوری طور پر اپنے پسندیدہ گانوں سے تال ملاتے ہیں تو کبھی میز پر ہاتھ تھپک کر یا تالیاں بجا کر تال ملاتے ہیں۔

اب ہم ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ ایک تھالی - چمچ یا پیالہ - چمچ لے کر ایک دو تین چار، ایک دو تین چار، یا پلاسٹک کی خالی بوتل میں ریت یا دال بھر کر تال کو ایک دو تین چار، ایک دو تین چار، ایک دو تین چار وغیرہ اس طرح تال ملائیں گے۔

**یاد رکھیں:** گانے، بجانے اور رقص میں وقت کی پیمائش کے نظم وضبط کا طریقہ 'تال' کہلاتا ہے۔

موسیقی میں تال کی کئی قسمیں ہیں۔ تال میں ماترا، وِبھاگ، سم، کال جیسے حصے ہوتے ہیں۔ ان حصوں کے بارے میں مختصر معلومات حاصل کرتے ہیں۔

۱) **ماترا** - تال کی پیمائش کرنے کے لیے استعمال ہونے والی ہر ضرب کو '**ماترا**' کہا جاتا ہے۔

۲) **وِبھاگ** - تال میں ماترا کے چھوٹے گروہوں کو '**وبھاگ**' کہا جاتا ہے۔

۳) سم - تال کی پہلی ماترا کو 'سم' کہتے ہیں۔ پہلی ماترا پر زور سے تالی بجا کر 'سم' ظاہر کرتے ہیں۔ سم کو 'X' علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

۴) **کال** - تال کی وہ ماترا جو بغیر تالی بجائے صرف ہوا میں ہاتھ اٹھا کر دکھایا جاتا ہے اسے '**کال**' کہتے ہیں۔ کال کی نشاندہی 'o' علامت سے ظاہر کرتے ہیں۔

آج، ہم موسیقی کی دو تالوں کے بارے میں معلومات حاصل کر کے تالی بجا کر مشق کریں گے۔

## تال کہیروا

ماترا : ۸ وِبھاگ : ۲ (۴-۴ ماترا والے)

سم : ۱ ماترا پر کال: ۵ ماترا پر

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماترا | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
| ٹھیکا | دھا | گے | نَ | تی | نَ | ک | دھی | نَ |
| علامت | x | | | | o | | | |
| | سم | | | | کال | | | |

درسی کتاب میں گیت 'سورج، چاند، ستارے...' کہیروا تال میں ہے۔ تال کی تالیوں کے ذریعے ہم آہنگی برقرار رکھ کر گیتوں کی مشق کیجیے۔

CG –1/3
C – 1.1/3.2
LO–04AE41
/43

- ترتیبی نمبر دے کر تالیاں بجا کر تال کی مشق کرائیں۔
- تال میں سر النکار کی مشق کرائیں۔
- تالیاں بجا کر کہیروا تال میں گیتوں کی مشق کرائیں۔
- طلبہ کو کھیل کھیلنے کا طریقہ سمجھائیں۔

## کیہیر وا تال کا دائرہ




- میدان پر یا کمرۂ جماعت میں کھریا سے ایک بڑا دائرہ بنائیے۔
- تصویر کے مطابق دائرے کو ۸ برابر حصوں میں تقسیم کیجیے اور انھیں بالترتیب ۱ سے ۸ نمبر دیں۔
- ۱ نمبر والے حصے پر جلی 'دھا' (سم-X) لکھیے۔
- ۵نمبر والے حصے پر جلی 'نَ' (کال-O) لکھیے۔
- گروہ بنائیے۔اس کے لیے جماعت کے ۸ طلبہ اس دائرے کے ۸ حصوں پر کھڑے ہوں (تصویر کے مطابق)۔ جماعت کے باقی طلبہ کو دائرے سے باہر رہ کر مشاہدہ کرنا ہے۔

- عمل اور حرکات وسکنات: ہر ایک نمبر (ماترا) کے لیے دائرے میں طلبہ درج ذیل اعمال کریں۔
- ۱ ماترا (سم- دھا) : نمبر۱ پر کھڑا طالب علم اپنے دونوں ہاتھ ہوا میں اٹھائے اور 'دھا' کہہ کر زور سے چھلانگ لگائے۔(باقی تمام طلبہ بھی زور سے تالیاں بجائیں)
- ۲ ، ۳ ،۴ ماترا (گے، نَ، تی) : بالترتیب ۲ ،۳ اور۴ پر کھڑے طلبہ کو چاہیے کہ وہ اپنی اپنی جگہوں پر ہلکے سے تالیاں بجائیں اور اپنے اپنے بول کہیں۔
- ۵ ماترا (کال-نَ) : ۵نمبر پر کھڑا طالب علم 'نَ' کہتے ہوئے تالی بجائے بغیر، دونوں ہاتھ بازو میں پھیلا کر 'کال' (خالی جگہ) دکھائے۔
- ۶ ، ۷ ، ۸ ماترا (ک، دھی، نَ): بالترتیب ۶ ، ۷ اور ۸ پر کھڑے طلبہ اپنی اپنی جگہوں پر ہلکے سے تالیاں بجا کر بول مکمل کریں۔

## کھیل کا دوسرا مرحلہ (گھومنے والا دائرہ) :

جب آپ کو اپنے متعلقہ مقامات کے بول یاد ہو جائیں تو موسیقی یا تالیوں کی تال پر گھڑی کی سمت میں (Clockwise) دائرے کے گرد گھومیے۔

- جب استاد '1' یا 'دھا' کہے تو جو طالب علم نمبر ا کے حصے میں آئے (سم پر) فوراً اُچھل کر زور سے تالی بجائے۔
- جب استاد '۵' یا 'کال' کہے تو ۵ نمبر پر آنے والا طالب علم ہاتھ پھیلائے اور تالی بجائے بغیر 'کال' دکھائے۔ اس طرح یہ کھیل کھیلیے۔
- جماعت کے تمام طلبہ کو یہ تال کا کھیل گروہوں میں کھیلنا چاہیے۔

### تال دادرا

ماترا : ٦ وبھاگ : ٢ (٣،٣ کی ماترا کے)

سم : ا ماترا پر کال : ۴ ماترا پر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ماترا | ا | ٢ | ٣ | ۴ | ۵ | ٦ |
| ٹھیکا | دھا | دھی | نا | دھا | تی | نا |
| علامت | x | | | 0 | | |
| | سم | | | کال | | |



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ٢ | ٣ | ۴ | ۵ | ٦ |
| دھا | دھی | نا | دھا | تی | نا |
| x | | | 0 | | |
| سم | | | کال | | |

درسی کتاب میں گیت 'بچوں کا ترانہ' دادرا تال میں ہے۔ تالیوں کی تال ملا کر گیت کی مشق کیجیے۔

## دادرا تال کی ٹرین

دادرا تال میں ٦ ماترا اور ٣-٣ ماترا کے ٢ وبھاگ ہوتے ہیں۔ ١ پر 'سم' (تالی) اور ٤ پر کال (خالی) ہوتا ہے۔

- تصویر کے مطابق جماعت کے ٦ طلبہ کو سیدھی قطار میں ایک دوسرے کے بازو کھڑا کیجیے۔
- انھیں بالترتیب ١ سے ٦ ترتیبی نمبر دیجیے۔
- ہر طالب علم کو ایک مخصوص 'بول' (ٹھیکا) تفویض کیجیے :
  - ١ نمبر = دھا (سم)
  - ٢ نمبر = دھی
  - ٣ نمبر = نا
  - ٤ نمبر = دھا (کال)
  - پانچواں نمبر = تی
  - ٦ نمبر = نا
- مرحلہ ١: سست رفتار مشق کیجیے : استاد یا جماعت کے دوسرے بچے ١ سے ٦ تک کے ہندسوں کو آہستہ رفتار سے گنیں۔ جس طالب علم کا نمبر آتا ہے وہ اپنا بول بول کر درج ذیل عمل کرے :
- ١ نمبر (دھا - سم) : یہ طالب علم دونوں ہاتھ سے زور سے تالی بجائے اور ساتھ ہی جگہ پر چھوٹی چھلانگ لگائے۔
- نمبر ٢ اور ٣ (دھی، نا): انھیں صرف اپنے بول بولتے وقت آہستہ سے چٹکی بجانا ہے یا اپنے پیروں سے زمین کو ہلکے سے تھپتھپانا ہے۔
- نمبر ٤ (دھا-کال) : یہ اس تال کی 'کال' (تبدیلی) ہے۔لہٰذا، نمبر ٤ طالب علم ''دھا!'' کہتے ہوئے تالی نہیں بجائے گا بلکہ اپنے دونوں ہاتھ ہوا میں پھیلا کر سر ہلائے گا۔ (یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ وہ تالی نہیں بجا رہا ہے)۔
- نمبر ٥ اور ٦ (تی، نا) : یہ دونوں طلبہ نمبر ٢ اور ٣ کی طرح آہستہ آہستہ تالیاں بجا کر تال ختم کریں گے۔
- مرحلہ ٢ : رفتار میں اضافہ کیجیے: ایک بار جب تال ترتیب سے اکٹھے ہونے لگے تو استاد کو تالی بجانے کی رفتار بڑھانی چاہیے۔ ١ سے ٦ تک کی تکرار مسلسل جاری رکھی جائے۔ اس سے بچوں میں ایک عمدہ موسیقی پیدا ہوگی۔ ''دھا (تالی) - دھی - نا | دھا (ہاتھ پھیلانا) - تی - نا''۔

# میرا عمل

۱) **خالی جگہ پر صحیح علامت لکھیے۔**

الف) ..................... علامت کے ذریعے 'سم' دکھایا جاتا ہے۔

ب) .................... علامت کے ذریعے 'کال' دکھایا جاتا ہے۔

۲) **درج ذیل تواتر کو مکمل کیجیے۔**

الف) | دھا | گے | | | | نَ | کَ | | |

ب) | دھا | دھی | نا | | | | |

۳) **ذیل میں دی ہوئی تال کے بارے میں معلومات کی جدول کو مکمل کیجیے۔**

| تال | ماترا | وبھاگ/حصہ | سم | کال |
|---|---|---|---|---|
| کہیروا | | | | |
| دادرا | | | | |

- طلبہ کو کھیل کھیلنے کا طریقہ سمجھائیں۔
- تالیاں بجا کر گیتوں کی مشق کرائیں۔
- پہلے صفحے پر درج QR کوڈ اسکین کریں اور لے اور سر میں مشق کرائیں۔

CG –1/2
C – 1.1/2.1
LO–04AE41 / 43

# رقص







# ۱۴۔ خوشی خوشی رقص کریں

بچو، ہمارا جسم لچکدار ہے۔ ساتھ ہی مختلف کھیلوں اور رقص کی حرکات کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر، کودنا، مڑنا، موڑنا وغیرہ۔ جب ہم ان حرکات میں تال شامل کرتے ہیں تو یہی حرکات وسکنات رقص میں بدل جاتی ہیں۔

رقص سے

- خوشی ملتی ہے۔
- جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔
- ولولہ بڑھتا ہے۔
- جسم صحت مند رہتا ہے۔
- صلاحیتیں فروغ پاتی ہیں۔
- خوداعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔

## رقص

موسیقی اور تال پر مبنی پورے جسم کا استعمال کرتے ہوئے جذبات کا اظہار کرنا 'رقص' کہلاتا ہے۔

بچو، خوشی ظاہر کے لیے رقص کیا جاتا ہے۔

رقص کے بہت سے فائدے ہیں۔

آپ کو رقص کرنا کیوں پسند ہے، لکھیے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

- رقص کی تعریف اور اس کے فوائد کی جماعت میں وضاحت کریں۔
- جماعت میں انسانی زندگی میں رقص کی اہمیت پر بات چیت کریں اور انھیں ایک دو جملے لکھنے کی ترغیب دیں۔

CG – 1
C – 1.1
LO – 04AE54

# انفرادی رقص

## آئیے یہ کر کے دیکھیں

ہم سب کھیلنا پسند کرتے ہیں، ہے نا؟ آئیے دیکھتے ہیں کہ ان کھیلوں میں ڈانس کی حرکات کس طرح پوشیدہ ہیں!
ذیل میں دی ہوئی حرکات وسکنات کا مشاہدہ کیجیے اور انھیں آزمائیے۔



(لنگڑی کھیل سے بننے والی رقص کی حرکات وسکنات کو بائیں اور دائیں کود کر دیکھیے)



(تیراکی کے عمل سے بننے والی رقص کی حرکات وسکنات کو بائیں اور دائیں کر کے دیکھیے)

بچو، آیا نا مزا؟ اب کچھ ایسے ہی کھیل تلاش کیجیے اور تصور کیجیے کہ انھیں رقص کی حرکات وسکنات میں کیسے تبدیل کیا جا سکتا ہے اور اس کا عمل دیکھیے۔

CG – 1
C – 1.1
LO – 04AE54

- سرگرمی میں دی ہوئی تصاویر کا مشاہدہ کر کے انھیں عملی طور پر کرنے کی ترغیب دیں۔
- جماعت میں رقص کی مختلف حرکات اور سکنات پر بات چیت کرنے اور انھیں کرنے کی ترغیب دیں۔

## آیئے دیکھیں - سیکھیں - رقص کریں !

اب تک ہم نے تنہا ہی کچھ رقص کی حرکات وسکنات سیکھی ہیں لیکن اگر ہم سب دوست سہیلیاں مل کر رقص کریں تو اور بھی مزا آئے گا، ہے نا؟

اجتماعی رقص میں ہم ایک دوسرے کے ساتھ تال ملاتے ہیں، ایک جیسی حرکات وسکنات کرتے ہیں اور خوشی سے رقص پیش کرتے ہیں۔ تب ہمیں اس سے ایک الگ ہی توانائی ملتی ہے۔ اب ہم اس موضوع کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرتے ہیں۔

جب دو یا دو سے زیادہ لوگ جمع ہوکر ایک ہی تال اور لے پر رقص کرتے ہیں تو اسے 'اجتماعی رقص' (Group Dance) کہا جاتا ہے۔

آیئے اجتماعی رقص کے فائدے دیکھتے ہیں۔

**اجتماعی رقص سے**

- دوستی اور ہم آہنگی بڑھتی ہے۔
- اتحاد اور تعاون میں اضافہ ہوتا ہے۔
- تال، لے سمجھ میں آتے ہیں۔
- نظم وضبط پر عمل کرنا ممکن ہوتا ہے۔
- خوشی حاصل ہوتی ہے۔
- گروہی ربط قائم ہوتا ہے۔

اجتماعی رقص میں لوک رقص شامل ہے۔ تہوار- تقریب کو منانے کے لیے سب جمع ہو کر رقص کرتے ہیں۔ اس طرح لوک رقص فروغ پاتا ہے۔

پہلے صفحہ پر QR کوڈ میں ایک مانوس رقص کا دیا ہوا ویڈیو دیکھیے۔ ویڈیو میں رقص کا بغور مشاہدہ کیجیے، اس کی حرکات و سکنات کی نقل کیجیے، مشق کیجیے اور پیش کش کیجیے۔

CG – 1
C – 1.1, 1.2
LO–04AE54/55

- مانوس رقص کا ویڈیو دکھائیں اور نقل، مشق اور پیش کش کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔

## آیئے سب مل کر رقص کریں!

**اجتماعی رقص کی دی ہوئی تصویروں کا مشاہدہ کیجیے اور خود رقص کرنے کی کوشش کیجیے۔**

### ۱۔ دھنگر رقص

دھنگر رقص مہاراشٹر کی دھنگر برادری کا ایک روایتی لوک رقص ہے۔ یہ رقص بنیادی طور پر تہواروں، جاتراؤں اور تقریبات کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ یہ رقص ڈھول، ہلگی اور پیپانی کی تھاپ پر جوش وخروش سے کیا جاتا ہے۔



دھنگر رقص، حرکت ۱



دھنگر رقص، حرکت ۲

### ۲۔ لیزم

لیزم مہاراشٹر کا ایک روایتی لوک رقص ہے۔ یہ رقص ہاتھ میں لیزم لے کر لے دار حرکات وسکنات، اُچھلتے کودتے اور موسیقی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔



لیزم حرکت ۱



لیزم حرکت ۲

- طلبہ سے لیزم اور دھنگر رقص کا عملی مظاہرہ کرائیں۔

CG – 1
C – 1.1, 1.2
LO–04AE54
/55

## ۳۔ لاونی

لاونی مہاراشٹر کا ایک بہت مشہور لوک رقص ہے۔ یہ رقص بنیادی طور پر ڈھول کی تھاپ پر کیا جاتا ہے۔ لاونی میں اداکاری، چہرے کے تاثرات اور تاثراتی حرکات اہم ہیں۔



لاونی رقص، حرکت ۱



لاونی رقص، حرکت ۲

## ۴۔ وارلی رقص

وارلی رقص وارلی قبائلی برادری کا ایک روایتی لوک رقص ہے۔ یہ رقص تہوار، شادی اور خوشی کے موقعوں پر کیا جاتا ہے۔ اس رقص کے ذریعے فطرت، اتحاد اور اجتماعی زندگی کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ سادگی اور جوش وخروش وارلی رقص کی خصوصیات ہیں۔



وارلی رقص، حرکت ۱



وارلی رقص، حرکت ۲

پہلے صفحے پر درج Q. R. کوڈ میں دیے ہوئے درج بالا رقص کے ویڈیو دیکھیے۔ ویڈیو میں دیے ہوئے رقص کا مشاہدہ کیجیے اور اس کی نقل کیجیے، مشق کیجیے اور پیش کش کیجیے۔

## میرا عمل

جماعت کو الگ الگ گروہوں میں تقسیم کیجیے اور ہر گروہ لوک رقص کی مشق کر کے جماعت میں پیش کش کرے۔

- تصویروں کی بنیاد پر رقص کی حرکات وسکنات کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔
- مانوس رقصوں کے ویڈیوز دکھائیں اور انھیں نقل کرنے، مشق کرنے اور پیش کش کرنے کی ترغیب دیں۔

CG – 1
C – 1.1, 1.2
LO–04AE54/
55

# ۱۵۔ رقص زندگی

## حرکات وسکنات کے ذریعے رقص

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بہت سی حرکات وسکنات کرتے ہیں۔ مثلاً چلنا، دوڑنا، جھکنا، کودنا، ہاتھ ہلانا۔ یہ روزانہ کی حرکات وسکنات رقص میں بھی استعمال ہوتی ہیں، لیکن رقص میں تال، لے اور جذبات کے ساتھ کی جاتی ہیں۔ تو یہ روزمرہ کی حرکات وسکنات رقص کی حرکات وسکنات کی طرح نظر آتی ہیں۔ آئیے ایسی ہی کچھ حرکات وسکنات کر کے دیکھتے ہیں اور ان کے ذریعے رقص کا لطف لیتے ہیں۔

## ہمارے اردگرد رقص!

ذیل میں دی ہوئی حرکات کا مشاہدہ کیجیے اور انھیں کر کے دیکھیے۔









## آئیے یہ کر کے دیکھیں

روزمرہ زندگی میں اس طرح کی دیگر حرکات وسکنات پر جماعت میں بات چیت کیجیے اور گیت کی بنیاد پر جماعت میں عمل کر کے دیکھیے۔

- درج بالا تصاویر کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں اور انھیں عملی طور پر کرنے کی ترغیب دیں۔
- جماعت میں مختلف حرکات وسکنات پر بات چیت کرنے اور عملی طور پر کرنے کی ترغیب دیں۔

CG – 4
C – 4.1
04AE56/59/61

## دستی اشاروں کی زبان

روزمرہ زندگی میں ہم اپنی ہتھیلیوں اور انگلیوں کو مختلف طریقوں سے استعمال کرتے ہیں۔ ان حرکات وسکنات میں رقص چھپا ہوا ہوتا ہے۔ ایسی رقص سے لبریز حرکات وسکنات کا تعارف حاصل کرتے ہیں۔

### آیئے ہاتھ کے اشاروں کی زبان بولیں!

ہم روزمرہ زندگی میں نیچے دیے ہوئے ہست مُدراؤں کو کس طرح استعمال کرتے ہیں، اس پر جماعت میں بات چیت کیجیے۔ ان حرکات وسکنات کو انجام دینے کی کوشش کیجیے اور فراہم کردہ جگہ میں ان کی فہرست لکھیے۔

۱۔ اَل-پدم ہست مُدرا




______________________

______________________

______________________

۲۔ سوچی ہست مُدرا




______________________

______________________

______________________

۳۔ شِکھر ہست مُدرا




______________________

______________________

______________________

CG – 4
C – 4.1
04AE56/59/61

- روزمرہ زندگی میں درج بالا ہست مدراؤں کا کس طرح استعمال ہوتا ہے، اس پر جماعت میں بات چیت کریں اور عملی طور پر کرنے کی ترغیب دیں۔

## آیئے جوڑیاں بنائیں!

ابھی ہم نے کچھ ہست مُدرا دیکھے ہیں۔ آگے کچھ تصاویر دی ہوئی ہیں، تصور کیجیے کہ وہ کس کے لیے استعمال کی جاسکتی ہیں۔ اب آیئے اس کے برعکس عمل کرکے دیکھتے ہیں - دی ہوئی ہست مُدرائیں کون کون سی تصویروں سے میل کھاتی ہیں، لکیر کھینچ کر جوڑیاں بنایئے۔

ا۔  

۲۔  

۳۔  

۴۔  

۵۔  

- صحیح جوڑیاں بنانے میں مدد کریں۔

CG – 4
C – 4.1
04AE59/61

## فطرت میں رقص کی حرکات وسکنات

فطرت میں بہت سی خوب صورت حرکات وسکنات نظر آتی ہیں۔ درختوں کے پتے۔ پھول ہوا میں جھومتے ہیں، بارش کی جھڑی لگتی ہے، دریا بہتا ہے۔ ان حرکات وسکنات میں تال، رفتار اور خوب صورتی ہوتی ہے۔ رقص کی حرکات وسکنات بھی لے دار اور خوب صورت ہوتی ہیں۔ لہٰذا فطرت کی حرکات وسکنات سے رقص کی ترغیب ملتی ہے۔

## آیئے فطرت میں رقص تلاش کریں!

نیچے دی ہوئی تصویروں میں حرکات وسکنات پہچان کر انھیں رقص کے انداز میں کر کے دیکھیے۔

۱۔



۲۔



۳۔



- اوپر دی ہوئی تصویروں میں حرکات وسکنات پہچان کر انھیں رقص کے انداز میں کرنے کی ترغیب دیں۔

CG – 4
C – 4.1
LO– 04AE59, 04AE61

۴۔





۵۔





## آیئے بات چیت کریں!

فطرت میں نظر آنے والے دیگر اعمال اور ان اعمال کی رقص کے انداز میں حرکات وسکنات پر بات چیت کیجیے۔ان کی وضاحت کیجیے اور موازنہ کیجیے۔

## آیئے یہ کرکے دیکھیں!

اب تک سیکھی ہوئی مختلف حرکات وسکنات استعمال کرکے درسی کتاب سے اپنی پسندیدہ نظم یا گیت پر رقص کے انداز میں حرکات وسکنات کیجیے۔

## میرا عمل

۱۔ فطرت کے مختلف عناصر (دریا، پھول، پرندے، درخت، قوس قزح) کی خوب صورت تصویریں بنائیے۔ان عناصر میں سے ہر ایک کی حرکات وسکنات کو اپنی جسمانی حرکات وسکنات کے ذریعے دکھانے کی کوشش کیجیے۔ جماعت میں اپنی حرکات وسکنات پیش کیجیے اور اپنے دوستوں کی پیش کش کا مشاہدہ کیجیے۔

۲۔ درسی کتاب سے فطرت پر مبنی اپنے پسندیدہ گیت پر رقص پیش کیجیے۔

- فطرت میں نظر آنے والے اعمال اور ان اعمال کی رقص کے انداز کی حرکات وسکنات پر بات چیت کرنے، بیان کرنے، موازنہ کرنے اور عملی طور پر حرکات وسکنات کرنے کے لیے کہیں۔
- فطرت پر مبنی گیت منتخب کرنے اور اس پر رقص پیش کرنے کی ترغیب دیں۔

CG – 4
C – 4.1
04AE59/61



# ۱۶۔ رقص کے ساتھی



رقص کرنے کے لیے کچھ اہم چیزوں کا ساتھ ہونا بہت ضروری ہوتا ہے۔ ان کے بغیر آپ رقص سے لطف اندوز نہیں ہو سکتے۔

تو، آیئے سمجھتے ہیں کہ رقص کے ساتھی کون ہیں؟

## الف تال

گیت گاتے اور رقص کرتے وقت جو با قاعدہ ٹھیکا سنائی دیتا ہے اور جو حرکات وسکنات کو رفتار اور سمت دیتا ہے اسے 'تال' کہتے ہیں۔

تال نہ صرف رقص کو لے دار اور خوب صورت بناتا ہے بلکہ اسے ایک خاص رفتار سے بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔

### دادرا تال کا کھیل کھیلیں!

تم 'نیچے اوپر' کھیل کھیلتے ہو نا؟ آیئے اسی کھیل میں تال کا لطف اُٹھاتے ہیں۔

نیچے چھلانگ لگاتے وقت تالی بجایئے اور 'دھا دھیں نا' کہیے۔ اوپر چھلانگ لگاتے وقت، اپنے ہاتھ اپنی کمر پر رکھیے اور 'دھا تو نا' کہیے۔ اسی طرح تال کے بول کہتے ہوئے اپنی پسندیدہ رقص کی حرکات وسکنات کیجیے۔

| نیچے چھلانگ لگاتے وقت تالی بجانا۔ | | | اوپر چھلانگ لگاتے وقت کمر پر ہاتھ رکھنا۔ | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دھا | دھی | نا | دھا | تی | نا |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |

### آیئے تال میں فرق پہچانیں!

رقص میں تال کے مطابق حرکات وسکنات بدلتی ہیں۔ یہ جاننے کے لیے پچھلے سال سیکھے ہوئے دونوں تالوں اور اس سال سیکھا ہوا دادرا تال کے درمیان فرق پر بات چیت کیجیے۔ اس کے لیے .Q.R کوڈ کی مدد سے پہلے صفحے پر کہیروا اور دادرا تال کے ویڈیو دیکھیے اور ان کے درمیان فرق کو سمجھیے۔

CG – 2
C – 2.2
04AE57

- جماعت میں کہیروا اور دادرا تال پر بات چیت کرنے کے لیے کہیں اور طلبہ کو ویڈیو کی مدد سے تال کی وجہ سے حرکات وسکنات میں فرق کی وضاحت کریں۔
- .Q.R کوڈ کی مدد سے مذکورہ کھیل اور تال میں فرق دکھائیں۔

## ج۔ ساز

### آیئے مختصراً رقص کے ساز کے استعمال کو سمجھتے ہیں!

رقص کی مختلف شکلوں کے مطابق مختلف ساز استعمال کیے جاتے ہیں۔

**کچھ حرکات وسکنات گول اور رواں ہوتی ہیں۔** یہ حرکات وسکنات سریلی موسیقی پر کی جاتی ہیں۔ اس وقت بانسری یا وائیلن جیسے ساز استعمال کیے جاتے ہیں۔









بانسری یا وائیلن کا استعمال کر کے تخلیق کردہ موسیقی کی آڈیو سنتے ہوئے آنکھیں بند کر کے موسیقی کے مطابق آزادانہ حرکات وسکنات کرنے کی کوشش کیجیے۔

### کچھ حرکات وسکنات تال اور تھاپ پر کی جاتی ہیں۔

ایسے وقت تال کے ساز جیسے طبلہ یا مردنگ بجائے جاتے ہیں۔ ان حرکات وسکنات میں پاؤں کے ٹھیکے اور پاؤں کی حرکات وسکنات کے ذریعے ایک خاص لَے نظر آتی ہے۔









CG – 3
C – 3.1
LO–04AE58/59 / 60

- رواں اور ٹھیکے پر کی جانے والی حرکات وسکنات کی کمرۂ جماعت میں مشق کرنے کا موقع دیں۔
- رواں حرکات وسکنات کرنے کے لیے بانسری یا وائیلن کی آڈیو سننے کا موقع دیں اور آنکھیں بند کر کے آزادانہ حرکات وسکنات کرنے کا موقع دیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

### سازکی قسمیں

ساز کی بنیادی طور پر ۴ قسمیں ہوتی ہیں۔

- **تاروالے ساز –** آواز تاروں سے پیدا ہوتی ہے۔ جیسے وینا، ستار، تمبورا، سارنگی۔
- **ضرب والے ساز –** تھپتھپا کر بجائے جاتے ہیں۔ جیسے طبلہ، ڈھول، مردنگ، نقارہ۔
- **ہوا کے ساز –** پھونک کر بجائے جاتے ہیں۔ جیسے بانسری، شہنائی، شنکھ، پیٹی۔
- **دھاتی ساز –** دو دھاتوں کو ایک دوسرے پر ضرب دے کر بجائے جاتے ہیں۔ جیسے ٹال، سنبل، گھنٹا، چپلی وغیرہ۔

یہ آلات موسیقی کو تال اور راگ دیتے ہیں۔

## رقص کے لیے گیت اور ساز کا انتخاب

### آیئے رقص ایجاد کریں!

آپ کو اپنی پسندیدہ نظم پر رقص ترتیب دینا ہے۔ اس کے لیے اپنی درسی کتاب کی نظموں میں سے کوئی ایک نظم منتخب کیجیے۔ جماعت میں بات چیت کیجیے کہ اس نظم پر رقص کرنے کے لیے کون سے ساز استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، اس بارے میں غور کیجیے کہ اس نظم پر کون سی رقص کی حرکات وسکنات کر سکتے ہیں اور ان کی مشق کیجیے۔

CG – 3
C – 3.1
LO-04AE58
/59

- رقص ترتیب دینے کے لیے درسی کتابوں سے ایک نظم منتخب کرنے کے لیے کہیں۔ اس نظم پر رقص کرنے کے لیے ساز منتخب کرنے اور رقص کی حرکات وسکنات ترتیب دینے میں ان کی رہنمائی کریں۔

# میرا عمل

## • ناموں کا لطف !

سازوں کے نام تلاش کیجیے اور انھیں نشان زد کیجیے۔

(تو تاری، ٹال، بانسری، جھانجھ، طبلہ، دف، مردنگ، ڈھولکی، تاشا، تنبورا، بانسری)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ت | ا | ش | ا | ا | ط | ل | ق | ب |
| و | ک | ب | ت | ن | ب | و | ر | ا |
| ت | ہ | ے | ڈھ | و | ل | ک | ی | ن |
| ا | جھ | ل | ک | ج | ہ | م | ن | س |
| ر | ا | م | ن | ب | و | ش | ہ | ر |
| ی | ن | پ | ہ | ے | ح | ی | ل | ی |
| ش | جھ | س | م | ر | د | ن | گ | ز |
| ق | چ | ر | ر | ت | ی | ح | ی | خ |
| ٹ | ا | ل | خ | ظ | ٹ | د | ف | ض |

## • آیئے یہ کر کے دیکھیں۔

کوئی سادہ سا ساز تیار کیجیے یا گھر سے لایئے (مثلاً مٹی کا برتن، ریت سے بھری بانس، اسٹیل کا گلاس اور چمچ، ڈمرو، ڈھولک وغیرہ)۔

پھر 'دادرا' تال کا انتخاب کیجیے (دھا، دھی، نا، دھا، تو، نا)۔ ہر طالب علم کو ہر حرف کے لیے ایک ساز کا انتخاب کر کے بجانا ہے۔

سب سے پہلے، یکے بعد دیگر ساز بجانے کی کوشش کیجیے، پھر سب مل کر تال میں بجانے کی کوشش کیجیے۔

• طلبہ کو مساوی گروہوں میں تقسیم کریں اور آسان ساز بنانے کے لیے رہنمائی کریں۔ اس کے ذریعے میوزیکل ہم آہنگی پیدا کرنے کی ترغیب دیں۔

CG – 3
C – 3.1
LO–04AE58/59



# ۱۷۔ روایتی رقص



## رقص اور رقص کے گیت

گیت اور نظموں میں الفاظ میں احساسات، خیالات اور خوب صورت تصاویر شامل ہوتی ہیں۔ ہم ان جذبات اور خیالات کا اظہار رقص کی حرکات وسکنات کے ذریعے کر سکتے ہیں۔

## آیئے رقص کے عمل کو سمجھتے ہیں!

۱۔ اپنی پسند کی نظم کا انتخاب کیجیے اور اسے غور سے پڑھیے۔
۲۔ نظم کے معنی، اس کے احساسات اور صورت حال کو سمجھیے۔
۳۔ ہر لفظ کے لیے حرکت کرنا ضروری نہیں ہے۔ نظم میں خیالات کو علامتی حرکات وسکنات کے ذریعے دکھایئے۔
۴۔ اشاروں، چہرے کے تاثرات اور جسم کی حرکات کا استعمال کیجیے۔
۵۔ نظم کے تال اور احساسات کو مدنظر رکھتے ہوئے رقص کی پیش کش کیجیے۔



پڑھیے



غور کیجیے



رقص کیجیے

- مثالوں کے ساتھ رقص کے عمل کی وضاحت کریں۔
- دی ہوئی ہدایات پر عمل کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کریں۔

CG – 3
C – 3.2
LO–04AE60

## آئیے نظم پر رقص کرنے کی کوشش کریں!

ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کیجیے اور اپنے پسندیدہ گیت پر رقص ترتیب دینے کے لیے رقص کی حرکات و سکنات منتخب کیجیے۔ منتخب حرکات کی مشق کیجیے اور حقیقی رقص پیش کیجیے۔



اونچے اونچے پہاڑ سے آؤں
مستی میں میں ناچتی گاؤں

سنگ مرمر چٹانوں سے ٹکراؤں!
گرتے گرتے موتی بن جاؤں

شور مچاتی ، مستانی سی !
ساتھ یہ لائی ٹھنڈی پانی سی

پھوار اُڑا کر بھیگا جاؤں
سارے جنگل کو مہکاؤں

چھوٹی مچھلیاں اس میں تیریں
کھیلیں، کودیں اور موج کریں

جو بھی دیکھے حیران یہ بولے
کتنے رنگ فطرت کے گھولے

مجھ سے ٹھنڈی ہوا بھی ڈرے
سورج کرنوں میں قوسِ قزح بنے

سب بچوں کو میں یہ بتلاؤں !
آؤ میرے پاس آؤ ، خوشیاں مناؤ

CG – 3
C – 3.2
Lo–04AE60

- طلبہ کو مختلف مراحل پر رقص پیش کرنے کی حرکات وسکنات کا تصور کرتے ہوئے رقص ترتیب دینے کی ترغیب دیں۔

## رقص اور ثقافت

مہاراشٹر میں رقص کی بہت سی روایتی شکلیں پائی جاتی ہیں۔ یہ رقص اس علاقے کے طرزِ زندگی، لباس اور موسیقی کی خوب صورتی سے عکاسی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر لاونی، کولی رقص، تارپا رقص، لیزم، واگھیا مرلی، پاورا رقص، وارکری رقص وغیرہ۔



تارپا رقص



لیزم رقص

### آیئے رقص پر بات چیت کریں!

اپنے علاقے میں رقص یا لوک رقص کی شکل تلاش کیجیے۔ جماعت میں اس پر بات چیت کیجیے۔ اس کے علاوہ، اپنے دوستوں کے ساتھ رقص کی چار پانچ سادہ حرکات وسکنات کیجیے۔

### رقص کی تصویر بنائیں!

وارلی پینٹنگ کے حوالے سے، اپنے تخیل کے مطابق 'وارلی رقص' کی تصویر بنائیے۔

- وارلی تصاویر میں دکھائے ہوئے طریقے کے مطابق طلبہ سے رقص کی حرکات وسکنات کرنے کے لیے کہیں۔ مثال کے طور پر ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر لپٹتے ہوئے دائرے میں رقص کرنا۔

CG – 4
C – 4.2
LO–04AE62

### آیئے سیکھیں - رقص کریں!

دستیاب ثقافتی یا روایتی رقص کا مشاہدہ کیجیے۔ اس کی حرکات وسکنات کی نقل کیجیے، مشق کیجیے اور پیش کش کیجیے!

## میرا عمل

**آیئے تصویر کو دیکھ کر سوالوں کے جواب تلاش کریں۔**



۱) تصویر میں کون سا رقص نظر آ رہا ہے؟

۲) رقص کرتے ہوئے کون کون سے ساز بجائے جا رہے ہیں؟

۳) کھڑے ہو کر کس طریقے سے رقص کیا جاتا ہے؟

۴) پوشاک کیا ہے؟

- مانوس ثقافتی / روایتی رقص (مثلاً وارکری رقص) کا ویڈیو دکھائیں اور اس کی نقل، مشق اور پیش کش کی ترغیب دیں۔ بچوں کو اس طرح کی ثقافتی پیش کش دیکھنے اور ثقافت کی اہمیت کو جاننے کی ترغیب دیں۔

CG - 4
C - 4.2
LO-04AE62

# ۱۸۔ فن کی ثقافت

ہماری ثقافت اور روایت سائنس کے ساتھ جڑی ہوئی ہے اور اس کے ذریعے ہمیں خوشگوار زندگی گزارنے کی ترغیب ملتی ہے۔ کچھ موسمی تہواروں، تقریبات اور روایات کے ذریعے ہمیں غذا، کپڑوں اور مختلف فنون کی ایجاد دیکھنے کو ملتی ہے جو ہر موسم میں ہماری صحت کے لیے موزوں ہوتے ہیں۔ اس ثقافت کا تحفظ کرنے پر تمام لوگ متحد ہوتے ہیں۔ ہمارے مفادات جڑ جاتے ہیں اور ہم ایک ساتھ لطف اندوز ہوتے ہیں۔ مختلف فنون اور فنکاروں کا احترام بڑھتا ہے۔

تہوار-تقریب کے موقع پر رقص، ڈراما، سجاوٹ، مجسمہ سازی، مصوری، گانا، موسیقی کا بھی جشن منایا جاتا ہے۔

## ہمارے تہوار ہماری تقریب

اپنے علاقے کے تہوار-تقریب کی فہرست تیار کیجیے۔ ان میں سے کسی ایک کے بارے میں مزید معلوماتی تصاویر، فوٹوز اور تراشوں کو یکجا کر کے آرائش کیجیے۔

## موقع کی شناخت کیجیے اور لکھیے۔

نیچے دی ہوئی تصاویر کے منظر کی نشاندہی کیجیے اور ان تہوار-تقریب کے بارے میں معلومات لکھیے۔











آپ کے علاقے میں منائے جانے والے تہوار-تقریب کا مشاہدہ کیجیے اور ان میں شامل فنون کو گروہ میں پیش کیجیے۔

- ہماری ریاست کے مختلف عوامی فنون، تہوار-تقریب، روایتی کھیلوں، کھانے کی ثقافت کی فنکارانہ خصوصیات کو مختلف مثالوں کے ذریعے سمجھائیں۔

CG –4
C– 4.1/4.2
LO– 04AE20/21/39/38

روزمرہ استعمال کی مختلف چیزوں میں تمام کا تعاون شامل ہوتا ہے۔ اس میں ہر شعبے کے فنکار بھی شریک ہوتے ہیں۔ اس طرح فنکاروں سے تعارف ہوتا ہے۔



مٹی کام (کمھار)



وارلی مصوری



رقاصہ



بھاروڈ فنکار



فقیر



حُسن کار



گلوکارہ

CG -4
C-4.2
LO-04AE39/52

- آپ کے علاقے میں منائے جانے والے تہوار-تقریب کا مشاہدہ کرکے اس میں شامل فنون اور مناظر کو گروہ میں پیش کرائیں۔

## علاقائی سیر :

مقامی فنی ثقافت کو سمجھنے کے لیے علاقائی سیر بہت اہم ہے۔ علاقائی سیر کا مقصد کسی جگہ جانا اور وہاں کے فن، فنکاروں اور روایات کو دیکھنا ہے۔ اس طرح کی سیر اپنے علاقے کے فنکاروں کے کام کو قریب سے دیکھنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔

مثال کے طور پر، آپ براہِ راست دیکھ سکتے ہیں کہ مٹی کے برتن بنانے والے، مصوری کے شعبے میں کام کرنے والے فنکار یا دستکاری کرنے والے لوگ کیسے کام کرتے ہیں۔ آپ سمجھ سکتے ہیں کہ فنکار مٹی، رنگ، کپڑے یا دیگر وسائل کا استعمال کرکے کس طرح چیزیں بناتے ہیں۔

### علاقائی سیر کے دوران اختیار کی جانے والی احتیاطی تدابیر

جب کسی فنکار کے ورکشاپ یا مقامی نمائش میں جائیں تو درج ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔

- **مشاہدہ:** فنکار اپنے ہاتھ یا اوزار کیسے استعمال کرتا ہے، سکون سے مشاہدہ کیجیے۔
- **سوالات پوچھنا :** شائستگی سے سوالات پوچھیے۔
- **اندراج بیاض :** جو کچھ آپ دیکھتے ہیں اور جو معلومات حاصل کرتے ہیں اس کا بیاض میں اندراج کیجیے۔
- **صفائی اور نظم وضبط :** سیر کے مقام پر بغیر اجازت کسی چیز کو ہاتھ مت لگائیے اور وہاں کچرا مت کیجیے۔
- **شکریہ :** علاقائی سیر کے اختتام پر فنکاروں کا شکریہ ادا کرنا مت بھولیے۔

## انٹرویو :

علاقے میں تہوار-تقریب کے موقع پر پیش کیے جانے والے مختلف اقسام کے فنون کا مشاہدہ کیجیے۔ کچھ فنکاروں جیسے فقیر، پنگالا، نندی بائی والا، مصور، مجسمہ ساز، گلوکار، موسیقار، کمھار، بڑھئی، پھول سجانے والے، رقاص اور مصوروں کا انٹرویو لیجیے اور ان کے فن کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔ اس کے لیے جماعت میں انٹرویو کے سوالات تیار کیجیے۔

## میرا عمل

۱) اپنے پسندیدہ تہوار یا تہوار کی تصویر بنائیے اور اس کے فنکارانہ عناصر کے بارے میں معلومات لکھیے۔

۲) علاقے میں فنکارانہ دل کش مقامات کا دورہ کیجیے اور اس کے بارے میں معلومات لکھیے۔

۳) اپنے علاقے کے کسی فنکار سے ملیے اور اس کے فن اور کام کے بارے میں اس کا انٹرویو لیجیے اور وہ نوٹس رپورٹ کی صورت میں لکھیے۔

۴) اپنے پسندیدہ مقامی فنکاروں کی آرٹ فارم کے بارے میں تصاویر، فوٹو، تراشے اور معلومات جمع کیجیے اور ایک پروجیکٹ بنائیے۔

CG -4
C- 4.2
LO-04AE21/38/39

- مقامی فنون اور روایات پر گروہی بات چیت کی حوصلہ افزائی کریں اور انٹرویو اور علاقائی سیر کی ترغیب دیں۔

# اہم اندراجات

پیارے طالب علم دوستو اور سہیلیو!

اگر آپ کو کسی نے نامناسب طریقے سے چھوا تو آپ بے چین ہو گئے ہوں گے، اس پر آپ بالکل خاموش نہ رہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں۔

1) اپنے آپ کو موردِ الزام نہ ٹھہرائیں۔
2) آپ کو جس پر بھروسہ ہے اسے اس واقعے کے بارے میں بتائیں۔
3) آپ پوکسو ای-باکس کے ذریعے آپ کے حقوق کے تحفظ کے لیے قائم کردہ قومی کمیشن کو بھی مطلع کر سکتے ہیں۔

**جب کوئی آپ کو نامناسب طریقے سے چھوتا ہے تو آپ کو بُرا لگ سکتا ہے، آپ اُلجھن محسوس کر سکتے ہیں، آپ بے بسی محسوس کر سکتے ہیں، لیکن 'بُرا' محسوس کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، کیونکہ یہ آپ کی غلطی بالکل نہیں ہے۔**




اس بٹن کو دبائیں۔

POCSO یہ e-box ویب سائٹ : ncpcr@gov.in پر دستیاب ہے۔

**اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ کو ہراساں کیا گیا ہے، آپ اُلجھن میں ہیں، پریشان ہیں یا تناؤ کا شکار ہیں، یا کسی ایسے بچّے کے بارے میں جانتے ہیں جسے ہراساں کیا گیا ہے، تو 1098 پر رابطہ کریں۔ اس طرح آپ کی اور دوستوں کی زندگی بدل سکتی ہے۔**




**چائلڈ لائن 1098 : یہ ایک 24 گھنٹے والی ٹول فری قومی فون سروس ہے۔ یہ چائلڈ لائن فاؤنڈیشن کی طرف سے شروع کی گئی ایک پہل ہے، جسے وزارت برائے ہنگامی حالات برائے خواتین اور بچوں کی ترقّی نے متاثرین کے لیے شروع کیا ہے۔**

नए समाज की ओर
Towards a new dawn

- ہدایت : طلبہ کو محفوظ اور غیر محفوظ لمس کے تعلق سے معلومات دیں۔

समग्र शिक्षा
Samagra Shiksha

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل،
پونہ-۴۱۱۰۰۴

महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ


कलाशिक्षण इयत्ता चौथी (उर्दू माध्यम)

مفت تقسیم کے لیے



कलाशिक्षण इयत्ता चौथी (उर्दू माध्यम)